بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار
Email: guldastabahar@gmail.com
روزنامہ
گلدستہ بہار
کوئٹہ
ABC Certified
DAILY GULDASTA BAHAR
ایڈیٹر:۔ کاشف مراد قلندرانی
جلد نمبر 21 | بروز جمعرات 15 اکتوبر 2026ء / 03 جمادی الاول 1448ھ / قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 277

موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے سائنسی تحقیق ناگزیر ہے، مصدق ملک

پاکستان اور نیپال کے متاثرہ علاقوں کے تجربات موسمیاتی تبدیلیوں کے مشترکہ چیلنج کی عکاسی اور خطے سمیت دنیا بھر میں متاثرہ آبادیوں کیساتھ یکجہتی کی ضرورت کو اجاگر کرتے ہیں

گلیشیئرز کے پگھلنے اور موسمیاتی آفات کے تباہ کن اثرات پاکستان کے شمالی پہاڑی علاقوں میں رہنے والی کمزور آبادیوں کو متاثر کر رہے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد/آئس لینڈ (یو این اے) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے عالمی تعاون کو فروغ دینے، عملی حل تلاش کرنے، ورچوئل گرین یونیورسٹی قائم کرنے، گرین اسٹارٹ اپس کے لیے فنڈ اور سرکاری وسائل سے تیار کردہ انفارمیشن ٹیکنالوجی تک مشترکہ رسائی فراہم کرنے کی تجاویز پیش کی ہیں۔ آئس لینڈ میں آرکٹک سرکل اسمبلی 2026 سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ گلیشیئرز کے پگھلنے اور موسمیاتی آفات کے تباہ کن اثرات بالخصوص پاکستان کے شمالی پہاڑی علاقوں میں رہنے والی کمزور آبادیوں کو متاثر کر رہے ہیں۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ ماحولیاتی نقصانات پر اظہار افسوس تک محدود رہنے کے بجائے ان مسائل (باقی صفحہ 2 نمبر1)

قومی اسمبلی نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کی توثیق کر دی

وفاقی وزیر پارلیمانی امور نے تحریک پیش کی، اپوزیشن کی جانب سے تحریک کی مخالفت کی گئی

اسلام آباد (اے این این) قومی اسمبلی نے صدر مملکت کے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کی توثیق کردی جب کہ ایمرجنسی نافذ سے متعلق قرارداد کثرت رائے سے منظور کرلی گئی، اپوزیشن نے ایمرجنسی کے نفاذ کی مخالفت کی۔ قومی اسمبلی کا اجلاس اسپیکر سردار ایاز (باقی صفحہ 2 نمبر2)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

بلاول بھٹو کی حکومت کو اپوزیشن سے دوبارہ مذاکرات کی تجویز

موجودہ سیاسی و قانونی حالات میں پی ٹی آئی کا کردار ہے، اپوزیشن کو ماننا پڑے گا کہ صوبائی حکومت نے سیاسی خودکش حملہ کیا ہے، قومی اسمبلی میں اظہار خیال

ایمرجنسی لگانے سے قبل مذاکرات کو موقع دیا، چیئرمین پیپلز پارٹی کی کے پی میں ایمرجنسی کی حمایت

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کو تجویز دیتا ہوں کہ پی ٹی آئی کو ایک بار مذاکرات کی دعوت دیں تاکہ ہم سب ملکر دہشت گردی کا خاتمہ کر سکیں، موجودہ سیاسی وقانونی حالات میں پی ٹی آئی کا کردار ہے۔ بدھ کو قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا صدر آصف علی زرداری نے آئین کے مطابق ایمرجنسی کی منظوری دی، پی ٹی آئی والے صدر پاکستان اور پیپلز پارٹی کو تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں، آپ ہمیں تنقید کا نشانہ ضرور بنائیں لیکن ہمیں کوئی تو وجہ دیتے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کیوں نہ لگائی جاتی، حکومت نے اپوزیشن کو انگیج کرنے کی ہر ممکن کوشش کی، ایمرجنسی لگانا کوئی خوشی کی بات نہیں ہوتی، اگر ہمیں کوئی ٹھوس جواز دیا جاتا تو صدر دستخط نہ کرتے، پہلی دفعہ مسئلہ صدر کے پاس آیا تو اپوزیشن سے مذاکرات کا فیصلہ کیا، ایمرجنسی کا ایٹم بم استعمال کرنے سے پہلے مذاکرات کو موقع دیا۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کی رات (باقی صفحہ 2 نمبر3)

H.E. SENATOR MOHAMMAD ISHAQ DAR & FOREIGN MINISTER OF THE
SULTANATE OF OMAN, H.E. SAYYID BADR BIN HAMAD BIN HAMOOD AL BUSAIDI
14 October 2026
Islamabad
اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور عمان کے وزیر خارجہ سید بدر بن حمد بن حمود البوسعیدی مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

واشک فورسز کا آپریشن، 5 دہشتگرد ہلاک، 4 زخمی

دہشتگردوں کے ٹھکانوں کو جدید ہتھیاروں سے نشانہ بنایا گیا، ان کے قبضے سے جدید اسلحہ اور گولا بارود برآمد کرلیا گیا

ہلاک دہشتگرد بلوچ عوام کو لوٹنے، خوف وہراس پھیلانے اور انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچانے میں ملوث تھے، سیکورٹی ذرائع

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں، سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع واشک کے علاقے پلانتک میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کے 5 دہشتگردوں کو ہلاک اور 4 کو زخمی کر دیا، دہشتگردوں کے ٹھکانوں کو جدید ہتھیاروں سے نشانہ بنایا گیا۔ ہلاک دہشتگردوں سے جدید اسلحہ اور گولا بارود برآمد کرلیا گیا، برآمد شدہ سامان میں آر پی جی 7، 5 گولے، میگزینز سمیت 5 جدید ہتھیار، 3 موبائل فونز اور 2 موٹر سائیکلیں شامل ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشتگرد (باقی صفحہ 2 نمبر34)

سزا یافتہ شخص کیلئے رہائی کا سب سے اہم فورم عدالت ہے، وزیر قانون

ایک سیاسی جماعت کے نظریے کی وجہ سے دہشت گردی کو ہوا ملی، ایمرجنسی کے اعلان کے بعد 10 روز میں ایوان سے منظوری لازم ہے

اندرونی خلفشار اور بیرونی دراندازی کی وجہ سے کے پی میں ایمرجنسی لگانے کا فیصلہ کیا، اعظم نذیر تارڑ کا قومی اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (جی این ایم) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی سے متعلق قرارداد بحث کیلئے قومی اسمبلی میں پیش کر دی گئی۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی زیر صدارت بدھ کو قومی اسمبلی اجلاس وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے وقفہ سوالات معطل کرنے کی قرارداد پیش کی جسے اسپیکر نے منظور کرلیا اور پھر کے پی میں ایمرجنسی سے متعلق صدارتی فرمان سے متعلق قرارداد بحث کیلئے ایوان میں پیش کی۔ وفاقی وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا میں اندرونی خلفشار اور بیرونی دراندازی کی وجہ سے ایمرجنسی لگانے کا فیصلہ کیا، (باقی صفحہ 2 نمبر5)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف قیمتی پتھروں (جیم اسٹونز) کے شعبے سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

15 لاکھ پاکستانی بچے آن لائن ہراسانی کا شکار ہوئے، اقوام متحدہ

خوف، معاشرتی بدنامی اور گھر میں ممکنہ ردعمل کے خدشات اکثر بچوں کو خاموش رہنے پر مجبور کرتے ہیں

نیویارک (جی این ایم) پاکستان میں ایک سال کے دوران انٹرنیٹ استعمال کرنیوالے تقریبا 15 لاکھ بچوں کو آن لائن ہراسانی کا سامنا کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ کی ایک اعلی عہدیدار نے خبردار کیا ہے کہ مصنوعی ذہانت (اے آئی) اور دنیا بھر میں بیک وقت جاری بحران بچوں کے لئے نئے خطرات پیدا کر رہے ہیں۔ اقوام متحدہ سیکرٹری جنرل (باقی صفحہ 2 نمبر4)

کوئٹہ کے بلوچ ٹریننگ ونگ میں بیسک ملٹری ٹریننگ 22 کی پاسنگ آؤٹ پریڈ

173 جوان باقاعدہ پاک فوج میں شامل، مادرِ وطن کے دفاع اور سلامتی کیلئے ہر قربانی دینے کے عزم کا اظہار

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ کے بلوچ ٹریننگ ونگ میں بیسک ملٹری ٹریننگ 22 کی پروقار پاسنگ آؤٹ پریڈ کا انعقاد کیا گیا۔ بلوچ ٹریننگ ونگ سے تربیت مکمل کرنے والے 173 جوان باقاعدہ پاک فوج میں شامل ہوگئے، جنرل آفیسر کمانڈنگ کوئٹہ نے پاسنگ آؤٹ پریڈ کی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ مہمانِ خصوصی نے دورانِ تربیت اعلی کارکردگی (باقی صفحہ 2 نمبر6)

مذاکرات سب بہانا تھے، مجھے معلوم تھا حکومت نے گورنر راج لگانا ہے، شوکت یوسفزئی

پی ٹی آئی نے دہشتگردی کے خلاف تعاون سے کبھی انکار نہیں کیا، لانگ مارچ کیلئے ہمارے سامنے کوئی منصوبہ نہیں تھا

اسلام آباد (جی این ایم) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات اور رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ حکومت کے ساتھ مذاکرات سب بہانے تھے، مجھے پہلے سے معلوم تھا کہ وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگانا ہے۔ ایک انٹرویو میں شوکت یوسفزئی نے (باقی صفحہ 2 نمبر7)

پرامن سیاسی کارکنان کے خلاف طاقت کا استعمال کسی صورت قابلِ قبول نہیں، اسد قیصر

گورنر راج کا مقصد اگر دہشتگردی کا خاتمہ تھا تو پھر سیاسی مخالفین کے گھروں پر چھاپے کیوں مار رہے ہیں؟

اسلام آباد (جی این ایم) سابق سپیکر قومی اسمبلی و رہنما پی ٹی آئی اسد قیصر نے کہا ہے کہ گورنر راج کا مقصد اگر دہشتگردی کا خاتمہ تھا تو پھر سیاسی مخالفین کے گھروں پر چھاپے کیوں مار رہے ہیں؟ پولیس کو سیاسی انتقام کیلئے استعمال کر کے حکومت کیا حاصل کرنا چاہتی ہے۔ ایکس پر اپنے ٹویٹ میں اسد قیصر نے کہا کہ حکومت نے خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے خاتمے اور امن وامان (باقی صفحہ 2 نمبر8)

وزیراعظم کی معدنیات کے وسیع ذخائر سے برآمدات میں اضافے کیلئے اقدامات کی ہدایت

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے قیمتی پتھروں کی کھوج، تراش خراش اور ویلیو ایڈیشن کے بعد برآمدات (باقی صفحہ 2 نمبر33)

اپنا گھر اسکیم کیلیے دستاویزات کی تعداد 25 سے کم کر کے صرف 5 کر دی گئی

درخواستوں پر کارروائی کا دورانیہ کم کر کے 15 کاروباری دن تک محدود کر دیا گیا، وزیراعظم کو بریفنگ

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم اپنا گھر اسکیم کے لیے درخواستوں پر کارروائی کا دورانیہ کم کر کے 15 کاروباری دن تک محدود کر دیا گیا جب کہ دستاویزات کی تعداد 25 سے کم کر کے صرف 5 کر دی گئی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیرِ صدارت وزیراعظم اپنا گھر، (باقی صفحہ 2 نمبر32)

سخت ہدایات پر میونسپل کارپوریشن کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر تمام کھلے مین ہولز پر معیاری ڈھکن رکھوا دیے

بنیادی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے اپنے تمام تر وسائل اور کوششیں بروئے کار لاتے رہیں گے

حب (نامہ نگار) میونسپل کارپوریشن حب کے فعال اور متحرک چیئرمین گل حسن محمد حسنی نے ایک بار پھر عوامی مسائل کے حل کے لیے فوری اور عملی اقدامات کر کے عوام کے دل جیت لیے۔ چیئرمین حب نے صحافی ضیاء الدین کمبوہ کی نشاندہی پر فوری نوٹس لیتے ہوئے زہری اسٹریٹ کی مرکزی شاہراہ پر طویل عرصے سے کھلے پڑے 8 مین ہولز پر نئے اور مضبوط ڈھکن نصب کروا (باقی صفحہ 2 نمبر10)

آرڈر کا انتظار کریں، وفاقی آئینی عدالت میں بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کیس کی سماعت مکمل

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی آئینی عدالت میں بشریٰ بی بی سزا معطلی کیس کی سماعت ہوئی، چیف جسٹس امین الدین خان سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے سماعت کی، بشریٰ بی بی کے وکیل سلمان صفدر نے دلائل دیے، سلمان (باقی صفحہ 2 نمبر9)

بدقسمتی سے ہماری شاہراہیں غیر محفوظ ہیں، مولانا ہدایت

اور تعلیمی ادارے منشیات کی زد میں آچکے ہیں، رکن صوبائی اسمبلی کا بلوچستان اسمبلی میں خطاب

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کا جاری اجلاس اس وقت انتہائی اہم بحث کا مرکز بن گیا جب توجہ دلاؤ نوٹس پر خطاب کرتے ہوئے رکنِ صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان نے صوبے میں امن و امان، غیر محفوظ شاہراہوں اور منشیات کی ہولناک لعنت پر سخت تشویش کا اظہار (باقی صفحہ 2 نمبر31)

مالیاتی فراڈ کی اسکیموں کے خلاف ایس ای سی پی کا نیا یونٹ قائم

کارپوریٹ انٹیلی جنس یونٹ مشکوک مالیاتی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھے گا

اسلام آباد (جی این ایم) سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے مالیاتی فراڈ کی اسکیموں کی روک تھام اور مالیاتی سرگرمیوں کی نگرانی کیلئے نیا یونٹ قائم کر دیا گیا۔ جاری بیان کے مطابق کارپوریٹ انٹیلی جنس یونٹ مشکوک مالیاتی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھے گا۔ عوام کی جمع پونجی کو خطرے میں ڈالنے والی اسکیموں کی بروقت نشاندہی (باقی صفحہ 2 نمبر11)

سعودی عرب کی سلامتی و دفاع کیلئے کوشاں ہیں، وزیراعظم

وزیراعظم سے مکہ دفاعی اتحاد کے پہلے سیکرٹری جنرل لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود کی ملاقات، دفاعی اور تزویراتی تعاون کے فروغ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال، حکمت عملی پر بریفنگ دی

شہباز شریف نے نعمان محمود کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارک باد دی اور ان کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا، ملاقات میں دفاعی اور تزویراتی تعاون کے فروغ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے مکہ دفاعی معاہدے کو خطے میں امن، اتحاد اور استحکام کے لئے تاریخی سنگِ میل قرار دیتے ہوئے سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے تحفظ کیلئے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزیراعظم آفس کے اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف سے مکہ دفاعی اتحاد کے پہلے سیکرٹری جنرل لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود نے ملاقات کی اور مکہ معاہدے کے فریم ورک کے تحت دفاعی اور تزویراتی تعاون کو فروغ دینے کے حوالے سے حکمت عملی سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں دفاعی اور تزویراتی تعاون کے فروغ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ شہباز شریف نے نعمان محمود کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارک باد دی اور ان کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے (باقی صفحہ 2 نمبر12)

اپنا گھر، ایس ایم ایز، زراعت کیلئے بروقت قرض فراہمی معیشت کے فروغ کیلئے ضروری ہے، وزیراعظم

جن بینکس کی کارکردگی غیر تسلی بخش ہے وہ بہتر بنائیں پھر حکومتی حوصلہ افزائی ملے گی، شہباز شریف

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف نے اپنا گھر، ایس ایم ایز اور زراعت کے شعبوں کو بروقت قرض فراہمی کو معیشت کے فروغ کیلئے ضروری قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ جن بینکس کی کارکردگی غیر تسلی بخش ہے وہ بہتر بنائیں پھر حکومتی حوصلہ افزائی ملے (باقی صفحہ 2 نمبر30)

وفاقی آئینی عدالت، پبلک سروس کمیشن کے کامیاب امیدواروں کا اسٹیٹس بحال

امیدواروں کو ہٹانے سے قبل کسی کو شوکاز نوٹس جاری نہیں کیا گیا، جسٹس علی باقر نجفی کے ریمارکس

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی آئینی عدالت نے پنجاب پبلک سروس کمیشن کے تحت کامیاب ہوئے امیدواروں کا اسٹیٹس بحال کر دیا۔ چیف جسٹس امین الدین خان سربراہی میں دو رکنی بینچ نے سماعت کی۔ آئینی عدالت نے امیدواروں کی بحالی کی درخواستیں منظور کرتے ہوئے پنجاب پبلک سروس کمیشن کا موقف مسترد کر دیا۔ وکیل درخواست گزار کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر13)

کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ پشاور ہائیکورٹ میں چیلنج

پشاور (اے این این) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کو پشاور ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا۔ اس حوالے سے بیرسٹر گوہر نے علی زمان ایڈووکیٹ کی وساطت سے پشاور ہائی کورٹ میں (باقی صفحہ 2 نمبر15)

وفاقی وزیر خزانہ سے بنکاک میں امریکی محکمہ خارجہ کے سفیر کی ملاقات

بنکاک (یو این اے) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب سے بدھ کو امریکی محکمہ خارجہ کے سفیر یون نے ملاقات کی جس دوران دوطرفہ معاشی تعاون بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ تھائی لینڈ کے شہر بنکاک (باقی صفحہ 2 نمبر29)

گوادر میں ماہی گیری کشتی ڈوب گئی، ناخدا جاں بحق، 6 ماہی گیر لاپتہ

سرکاری ریسکیو ٹیم تاحال موقع پر نہ پہنچ سکی، مقامی ماہی گیروں کی اپنی مدد آپ کے تحت تلاش جاری

گوادر (یو این اے) گوادر کے ساحلی علاقے پشکان اور گنز کے درمیان سمندر میں ماہی گیری کی کشتی ڈوبنے سے ناخدا جاں بحق جبکہ چھ ماہی گیر لاپتہ ہوگئے۔ لاپتہ افراد میں سے تین کا تعلق صوبہ سندھ سے بتایا جاتا ہے۔ آمدہ اطلاعات کے مطابق کشتی مچھلیاں پکڑنے کے لیے (باقی صفحہ 2 نمبر28)

اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری سے نامزد سعودی سفیر ڈاکٹر راجح تامی الفقمی سفارتی دستاویزات پیش کرنے کے موقع پر یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی و گورنر راج کے نفاذ کے بعد 50 افراد گرفتار

حالات کنٹرول میں ہیں، عوام افواہیں پھیلانے سے گریز کریں، کیپٹل سٹی پولیس پشاور

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد پی ٹی آئی کے حامیوں کے ساتھ جھڑپوں کے واقعات میں پولیس نے تقریباً 50 افراد کو گرفتار کر کے انسداد دہشت گردی ایکٹ کے تحت چار مقدمات بھی درج کر لئے۔ خیبر پختونخوا کے گورنر (باقی صفحہ 2 نمبر14)

پشاور، خیبر باڑہ بازار بند رہا، پولیس کی بھاری نفری تعینات، سیکیورٹی ہائی الرٹ

خیبر (جی این ایم) خیبر میں باڑہ بازار بدھ کے روز بند رہا۔ ڈی پی او وقار احمد کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ تمام دکانیں اور مارکیٹیں بند رہیں گی۔ باڑہ بازار کے داخلی اور خارجی راستوں پر پولیس کی بھاری نفری تعینات کردی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ روز پی ٹی آئی (باقی صفحہ 2 نمبر26)

ایران پر زمینی حملہ امریکی فوج کیلئے تباہ کن ثابت ہوگا، ایران

زمینی حملے کی باتیں امریکی میڈیا کا پروپیگنڈا، ایران اپنی دفاعی صلاحیتوں پر مکمل اعتماد رکھتا ہے

تہران (جی این ایم) امریکی فوج کی جانب سے ایران پر زمینی حملے کی قیاس آرائیوں پر ایرانی پاسداران انقلاب فورس کے کمانڈر انچیف کے مشیر اعلیٰ بریگیڈیئر جنرل محمد رضا نقدی نے ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ امریکا ایران پر زمینی حملے کی جرات نہیں کرے گا۔ ایرانی (باقی صفحہ 2 نمبر27)

کوئٹہ کچہری میں مسلح حملہ آور کی فائرنگ، زیر حراست قیدی شدید زخمی

پولیس نے فائرنگ کرنے والے ملزم کو موقع پر گرفتار کر کے تحقیقات شروع کر دیں، پولیس ذرائع

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے کچہری احاطے میں مسلح حملہ آور نے اچانک فائرنگ کر کے 1 زیر حراست قیدی کو شدید زخمی کر دیا، جس کے باعث علاقے (باقی صفحہ 2 نمبر16)

صدر مملکت کا واشک میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے ضلع واشک میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ بدھ کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کو نقصان پہنچانے اور عوام میں (باقی صفحہ 2 نمبر17)

پاکستان اور عمان کا خطے میں امن کیلئے ملکر کام کرنے پر اتفاق

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور عمان کے وزیر خارجہ سید بدر بن حمد بن حمود البوسعیدی کی ملاقات

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار اور عمان کے وزیر خارجہ سید بدر بن حمد بن حمود البوسعیدی نے خطے میں امن کیلئے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ کے درمیان یہ ملاقات پاکستان اور عمان (باقی صفحہ 2 نمبر18)

وفاقی وزیر داخلہ کی واشک میں 5 خوارجی جہنم واصل کرنے پر بہادر جوانوں کو خراج تحسین

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان کے ضلع واشک میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے 5 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر فورسز کے غیر متزلزل (باقی صفحہ 2 نمبر25)

citi
2026 THAILAND
بینکاک، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سٹی میکرو فورم کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس کے اختتامی سیشن سے خطاب کر رہے ہیں

صدر زرداری کو فرانس اور سعودی عرب کے نامزد سفیروں نے اپنی اسناد سفارت پیش کر دیں

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری کو ایوان صدر میں فرانس کے نامزد سفیر ژاں نوئل پواغیے اور سعودی عرب کے نامزد سفیر ڈاکٹر راجح طامی الفقمی نے اپنی اسناد سفارت پیش کیں۔ بدھ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت (باقی صفحہ 2 نمبر21)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کی قرارداد سینیٹ میں پیش، اپوزیشن کا احتجاج

ہم نے ایمرجنسی نفاذ قرارداد کی کاپی ممبران کے ٹیبل پر رکھ دی ہے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (اے این این) سینیٹ میں خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کی قرارداد پیش کردی گئی، اپوزیشن نے احتجاج کرتے ہوئے قرارداد کی مخالفت کی۔ چیئرمین (باقی صفحہ 2 نمبر19)

خام تیل کی عالمی قیمتوں میں اضافے کا رجحان برقرار

برینٹ خام تیل کی قیمت 89 سینٹ اضافے سے 106.58 ڈالر فی بیرل ہوگئی

واشنگٹن (جی این ایم) مشرق وسطی میں جاری کشیدگی کی وجہ سے عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافے کا رجحان برقرار ہے۔ بدھ کو صبح کے ابتدائی اوقات میں برینٹ خام تیل کی قیمت 89 سینٹ، یعنی 0.8 فیصد اضافے کے بعد 106.58 ڈالر (باقی صفحہ 2 نمبر20)

خیبر پختونخوا میں حکومت کے پاس ایمرجنسی کے علاوہ کوئی آپشن نہیں تھا، وزیر دفاع

ٹی آئی دورِ حکومت میں دہشت گردوں کو واپس لا کر بسانے کیلئے قائل کرنے کی کوشش کی گئی، چار سالہ دورِ حکومت میں غیر آئینی اقدامات کا سامنا کرنا پڑا

جنرل فیض، جنرل باجوہ بیٹھے تھے، دہشتگردوں کو واپس لانے کیلئے ہمیں قائل کرنیکی کوشش کی، خواجہ آصف کا قومی اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (اے این این) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے حالات بتاتے ہیں کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگانے کے علاوہ حکومت کے پاس کوئی چوائس نہیں رہی تھی، پی ٹی آئی کے دورِ حکومت میں دہشت گردوں کو واپس لا کر بسانے کیلئے قائل کرنے کی کوشش کی گئی، جنرل (ر) فیض حمید اور سابق آرمی چیف جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ یہاں بیٹھے ہوتے تھے، ہمیں قائل کرنے کی کوشش کی جا رہی تھی کہ ان دہشت گردوں کو واپس لایا جائے تو فائدہ ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ خواجہ آصف نے کہا تھا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر23)

سعودی عرب پر حوثیوں کے نئے حملے، چھ میزائل اور پانچ ڈرونز تباہ

ریاض میں ملبہ گرنے سے چار افراد زخمی، 15 گھروں کو نقصان پہنچا

ریاض (جی این ایم) سعودی فضائی دفاعی نظام نے بدھ کی علی الصبح مملکت میں مختلف اہداف پر حوثی ملیشیا کی جانب سے داغے جانے والے کروز، بیلسٹک میزائلوں اور ڈرونز کو انٹرسیپٹ (باقی صفحہ 2 نمبر22)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کو فوری طور پر واپس لیا جائے، محمود خان اچکزئی

بندوق کا شوق بہت خطرناک، الفاظ کے ہیر پھیر سے گڑبڑ نہ کریں، خیبر پختونخوا کا وزیر اعلیٰ ٹھیک تھا، نہ وہ گالی دیتا تھا، بس کہتا تھا اس ظلم کے خلاف کھڑے ہو

آج بھی ملک و آئین کی خاطر وزیراعظم کے ساتھ مل کر بیٹھنے کو تیار ہیں، میں اور شہباز بھائی آمنے سامنے بیٹھ جاتے ہیں اور مسائل کا حل نکالتے ہیں، اپوزیشن لیڈر کا قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال

اسلام آباد (جی این ایم) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے خیبر پختونخواہ میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے فیصلوں کو فوری طور پر واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ بدھ کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بندوق کا شوق بہت خطرناک ہوتا ہے اور حکومت الفاظ کے ہیر پھیر سے معاملے کو گڑبڑ کرنے سے گریز کرے، آج بھی ملک و آئین کی خاطر وزیراعظم کے ساتھ مل کر بیٹھنے کے لیے تیار ہیں، یہاں ایوان میں دو کرسیاں لگائیں، میں اور شہباز بھائی آمنے سامنے بیٹھ جاتے ہیں اور مسائل کا حل (باقی صفحہ 2 نمبر24)

بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار
Email: guldastabahar@gmail.com
ABC Certified
روزنامہ
گلدستہ بہار کوئٹہ
DAILY GULDASTA BAHAR
ایڈیٹر :۔ کاشف مراد قلندرانی

ایڈیٹر انچیف ایم۔ندیم قلندرانی نے دفتر روزنامہ گلدستہ بہار قمبرانی روڈ سے شائع کیا
فون نمبر:۔ 03363522116, 03345757077.
E-Address: guldastabahar123@gmail.com

ملک بھر میں ہندو برادری کا مذہبی تہوار نوراتری

ملک بھر میں ہندو برادری اپنا مذہبی تہوار نوراتری مذہبی جوش وجذبے سے منارہی ہے، تہوار کے دوران رنگارنگ ملبوسات، موسیقی پر گربا اور ڈانڈیا رقص خوشیوں کے رنگ بکھیرے جارہے ہیں۔ کراچی میں نوراتری کی تقریبات میں خواتین اور لڑکیوں نے خصوصی دلچسپی لی۔ ہندو برادری کے افراد کے مطابق انہیں ہر سال اس تہوار کا بےصبری سے انتظار رہتا ہے، پاکستان میں وہ اپنے مذہبی تہوار آزادی سے مناتے ہیں۔ نوراتری کا رنگارنگ تہوار 20 اکتوبر تک جاری رہے گا، جس میں ہر رات گربا اور ڈانڈیا رقص کے ذریعے خوشیوں کا اظہار کیا جارہا ہے۔ ملک بھر میں ہندو برادری اپنا مذہبی تہوار نوراتری مذہبی جوش وجذبے سے منارہی ہے، تہوار کے دوران رنگارنگ ملبوسات، موسیقی پر گربا اور ڈانڈیا رقص خوشیوں کے رنگ بکھیرے جارہے ہیں۔ کراچی میں نوراتری کی تقریبات میں خواتین اور لڑکیوں نے خصوصی دلچسپی لی۔ ہندو برادری کے افراد کے مطابق انہیں ہر سال اس تہوار کا بےصبری سے انتظار رہتا ہے، پاکستان میں وہ اپنے مذہبی تہوار آزادی سے مناتے ہیں۔ نوراتری کا رنگارنگ تہوار 20 اکتوبر تک جاری رہے گا، جس میں ہر رات گربا اور ڈانڈیا رقص کے ذریعے خوشیوں کا اظہار کیا جارہا ہے۔ ملک بھر میں ہندو برادری اپنا مذہبی تہوار نوراتری مذہبی جوش وجذبے سے منارہی ہے، تہوار کے دوران رنگارنگ ملبوسات، موسیقی پر گربا اور ڈانڈیا رقص خوشیوں کے رنگ بکھیرے جارہے ہیں۔ کراچی میں نوراتری کی تقریبات میں خواتین اور لڑکیوں نے خصوصی دلچسپی لی۔

بقیہ 1

کے عملی حل کے لیے مشترکہ اقدامات کرے۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ پاکستان کے پہاڑی علاقوں میں گلیشئرز کا پگھلنا خاموشی سے نہیں ہوتا بلکہ اس کے نتیجے میں بڑے پتھر گرنے، پانی کے تیز بہاو اور وادیوں میں تباہی کے باعث مقامی آبادیوں کو شدید نقصانات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نیہنزہ کے علاقے حسن آباد کی رہائشی زارا کی مثال دیتے ہوئے بتایا کہ مئی 2022 میں درجہ حرارت بڑھنے اور گلیشئر کے پیچھے جھیل بننے کے بعد شسپر گلیشئر ٹوٹ گیا جس سے مقامی آبادی کا نظام زندگی متاثر ہوا۔ انہوں نے کہا کہ زارا کے شوہر کھیتوں میں کام کررہے تھے کہ گلیشئر ٹوٹنے کا واقعہ پیش آیا۔ انہوں نے گھر پہنچ کر اپنی اہلیہ اور بچوں کو بحفاظت نکال لیا تاہم ان کا گھر، مویشی اور سکولوں وکلینکس سمیت بنیادی سہولیات تباہ ہوگئیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ایسی آفات کے باعث کئی نسلوں کی محنت سے غربت سے نکلنے والے خاندان دوبارہ مشکلات کا شکار ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نگر اور ہنزہ کی حسن آباد وادی کے متاثرہ علاقوں میں ایک ماہ کے اندر تقریبا ایک ہزار گھرانے تباہی سے متاثر ہوئے۔ انہوں نے نیپال میں اگست کے دوران پیش آنے والی گلیشیائی آفت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ وہاں آدھے گھنٹے کے اندر پانی کی سطح میں نو میٹر یعنی 27 فٹ اضافہ ہوا جس سے پل، سڑکیں، ہسپتال اور دیگر بنیادی ڈھانچہ متاثر ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ اس واقعے میں 600 اموات ہوئیں جبکہ بعض اندازوں کے مطابق ہلاکتوں کی تعداد ایک ہزار سے تجاوز کرچکی تھی۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ پاکستان اور نیپال کے متاثرہ علاقوں کے تجربات موسمیاتی تبدیلیوں کے مشترکہ چیلنج کی عکاسی اور خطے سمیت دنیا بھر میں متاثرہ آبادیوں کیساتھ یکجہتی کی ضرورت کو اجاگر کرتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان گزشتہ 15 برسوں کے دوران پانچ بڑے سیلابوں کا سامنا کرچکا ہے جن کے نتیجے میں 6 ہزار افراد جاں بحق، 19 ہزار زخمی یا معذور اور چار کروڑ افراد بے گھر ہوئے۔ انہوں نے ایک ایسے سیلاب کا بھی حوالہ دیا جس کے باعث تین کروڑ 30 لاکھ افراد نقل مکانی پر مجبور ہوئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ موسمیاتی آفات کے اثرات جانی نقصان اور بنیادی ڈھانچے کی تباہی تک محدود نہیں بلکہ ان سے بچوں اور ماں کی اموات، روزگار کے ذرائع کے خاتمے اور تعلیم کا سلسلہ متاثر ہونے جیسے مسائل بھی جنم لیتے ہیں۔

بقیہ 2

صادق کی زیر صدارت ہوا، اجلاس کے آغاز پر وقفہ سوالات ملتوی کرنے کی تحریک قومی اسمبلی میں پیش کی گئی، وفاقی وزیر پارلیمانی امور نے تحریک پیش کی، اپوزیشن کی جانب سے تحریک کی مخالفت کی گئی۔ تحریک کو کثرت رائے سے منظور کرلیا گیا، خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کی توثیق سے متعلق کی قرارداد ایوان میں پیش کی گئی، صدر مملکت کے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے اعلان کی توثیق کی قرارداد طارق فضل چوہدری نے پیش کی۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نزیر تارڑ نے کہا کہ صوبے میں ایمرجنسی کے بعد اس کے نفاذ کا ڈیکلریشن دونوں ایوانوں میں پیش کرنا ہوتا ہے، ہم نے بڑی سوچ بچار کے بعد ایمرجنسی کا نفاذ کیا، اندرونی خلفشار، سرحد پار سے دراندازی اور صوبے کی حکومت کے اقدامات قومی سلامتی کے لیے خطرہ بنتا جارہا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایمرجنسی کے اعلان کے بعد دس دن میں پارلیمنٹ میں پیش کیا جاتا ہے، بہت سارے دوستوں نے اسے بارہ اکتوبر سے تشبیہ دی، کابینہ میں اس معاملے پر سیر حاصل بحث کی گئی، خیبرپختونخوا کے حالات ملکی سلامتی کے خطرہ بنتے جارہے تھے، کئی سالوں میں دہشتگردی کے اضافے کی وجوہات ہیں۔ افواج پاکستان اور پولیس نے قربانیاں دے کر کامیابی حاصل کی تھی، کامیابی کے باوجود حالات دوبارہ خراب ہوگئے، ایک سال میں 3700 سے زائد دہشت گردی کے واقعات ہوئے۔ وزیر قانون اعظم نزیر تارڑ نے کہا کہ آئینی تقاضا ہے کہ صدر مملکت جب ایمرجنسی نافذ کریں تو اس کی دس روز میں منظوری دونوں ایوانوں سے لینا ضروری ہے، ہمیں کہا گیا کہ بارہ اکتوبر 1999 جیسی ایمرجنسی لگادی گئی ہے، ہمیں کہا گیا کہ گیارہ اکتوبر 2026 کو بھی جمہوری حکومت کو ختم کرکے ایمرجنسی لگادی گئی، کے پی کے میں دہشتگردی جس طرح سے بڑھی وہ سب کے سامنے ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کو جو ہوا ملی اس کی وجہ سیاسی جماعت کی دہشتگردوں سے نظریاتی ہم آہنگی تھی، کابینہ کا اجلاس اڑھائی گھنٹے جاری رہا، سال 2026 میں 3787 دہشتگردی کے واقعات ہوئے، سال 2021 سے لیکر 2024 تک دہشتگردی کے بے شمار واقعات ہوئے، وزیراعلی نے شہدا کے جنازوں میں شرکت کی بجائے سیاسی مقاصد کے لئے ملکی سطح پر دورے شروع کردیے، جب صورتحال ایسی ہو تو پھر ردعمل بھی ویسا ہی ہونا چاہئے۔ وزیر قانون نے کہا کہ طرفہ تماشہ یہ بنا کہ اسلام آباد پر چڑھائی کرنے کا اعلان کردیا گیا، ہم نے جوابی چڑھائی کرنے کے بجائے مذاکرات کو ترجیح دی، اسپیکر چیمبر میں حکومت اور اپوزیشن کے مذاکرات ہوئے، ہماری اتحادی پی پی پی نے ہمیشہ جمہوریت کا ساتھ دیا، دو روز تک مذاکرات ہوتے رہے، پوری قوم نے دیکھا رات اڑھائی بجے تک ڈرافٹ پر ڈرافٹ بنتے رہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک بات واضح تھی کہ انسداد دہشتگردی سے نمٹنے کے لئے کیا پالیسی اختیار کی جائے، جواب میں کہا گیا کہ ہمارے لیڈر کو جیل میں کیا سہولیات دیں گے، جیل سہولیات کے بارے میں حکومت کچھ نہیں کرسکتی تھی، جو کچھ بھی ہونا ہے وہ جیل رولز کے ذریعے ہونا ہے، اگر کچھ ہوسکتا تھا تو وہ عدالت ہی کرسکتی ہے، حکومت کے پاس صدر کے معافی دینے کا اختیار ہے، دوبارہ سر جوڑے گئے اور دہشتگردی کے خلاف کیسے لڑیں کی بات کی گئی۔

بقیہ 3

مجھے بتایا گیا کہ مذاکرات کامیاب ہوگئے ہیں، پیپلز پارٹی کے دو نمائندے اس مذاکراتی کمیٹی میں موجود تھے لیکن موجودہ سیاسی وقانونی حالات میں پی ٹی آئی کا کردار ہے، پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت نے سیاسی خودکش حملہ کیا ہے اور اپوزیشن کو ماننا پڑے گا کہ انہوں نے سیاسی خودکش حملہ کیا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ حکومت نے مجبوری میں ایمرجنسی لگائی، ہمیشہ کے لئے نہیں لگائی، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سب کو متحد ہونا ہوگا، کوئی ایک فرد یا ادارہ اکیلا دہشت گردی کا مقابلہ نہیں کرسکتا، بھارت سے ہضم نہیں ہورہا کہ پاکستان نے ان کے 6 طیارے گرائے، مودی جگہ جگہ کہہ رہا ہے کہ آپریشن سندور جاری ہے، بھارت علیحدگی پسندوں کی شکل میں پاکستان میں دہشت گردی کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کو تجویز ہے کہ اس مسئلے کے حل کے لیے کوئی درمیانی راستہ نکالیں، ہم سب اپنا ہاتھ اپوزیشن کی طرف بڑھاتے ہیں کہ آئیں اور بات چیت کریں۔

بقیہ 4

کی بچوں کے خلاف تشدد سے متعلق خصوصی نمائندہ نجت معلا مجید نے جنرل اسمبلی میں رپورٹ پیش کرتے ہوئے حکومتوں پر بچوں کے تحفظ کے اقدامات مضبوط بنانے پر زور دیا ہے۔ اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تقریبا 4 کروڑ 50 لاکھ بچے تنازعات، قدرتی آفات اور موسمیاتی بحران کے باعث بے گھر ہیں، مصنوعی ذہانت نے بچوں کے جنسی استحصال کے لئے بڑے پیمانے پر نئے راستے کھول دیئے ہیں۔ ان خطرات میں سائبر بلنگ، ڈیپ فیکس اور بچوں کو مجرمانہ سرگرمیوں میں بھرتی کرنا بھی شامل ہے۔ نجت معلا مجید نے خبردار کیا کہ کووڈ 19 کی وبا کے بعد دنیا اب بھی پیچیدہ اور ایک دوسرے سے جڑے ہوئے بحرانوں کا سامنا کر رہی ہے۔ یونیسیف، ایکپاٹ انٹرنیشنل اور انٹرپول کی ستمبر 2026 میں شائع ہونے والی تحقیق پاکستان میں نقصان دہ سرگرمیوں کی روک تھام کے مطابق پاکستان میں 12 سے 17 سال کی عمر کے انٹرنیٹ استعمال کرنے والے تقریبا ہر 16 میں سے ایک بچے کو ایک سال کے دوران ٹیکنالوجی کے ذریعے جنسی استحصال یا بدسلوکی کا سامنا کرنا پڑا۔ تحقیق کے مطابق متاثرہ بچوں کی تعداد تقریبا 15 لاکھ بنتی ہے۔

بقیہ 5

کے پی حکومت کا دہشت گردی کے خلاف رویہ غیر سنجیدہ تھا، سہیل آفریدی نے اپنی سیاسی کو پروان چڑھانے کو ترجیح دی، انہوں نے فورسز اور عوام کی شہادتوں کو نظر انداز کیا، ایک سیاسی جماعت کے نظریے کی وجہ سے دہشت گردی کو ہوا ملی، ایمرجنسی کے اعلان کے بعد 10 روز میں ایوان سے منظوری لازم ہے۔ ان کا کہنا تھا پاک فوج نے قربانیاں دیکر وہاں امن حاصل کیا اور دہشتگردی پر قابو پایا تھا، 2024 تک 2911 دہشتگردی کے واقعات ہوئے، 15 اکتوبر 2025 سے اب تک 3787 دہشتگردی کے واقعات ہوئے، غیر معمولی صورتحال کیلئے غیر معمولی اقدامات ناگزیر تھے۔ انہوں نے کہا کہ سزا یافتہ شخص کیلئے رہائی کا سب سے اہم فورم عدالت ہے، لیکن دوسری جانب سے اسلام آباد پر چڑھائی کرنے کے اعلانات کیے گئے، صدر مملکت اور وزیراعظم کی خواہش پر مذاکرات شروع کیے گئے، ہم نے معاملات سنجیدگی سے حل کرنے کی پوری کوشش کی، قوم نے دیکھا کئی بار مفاہمتی ڈرافٹ میں ترامیم کی گئیں، ہم دہشت گردی کے خلاف جنگ آگے بڑھنا چاہتے تھے، لیکن دوسری طرف سے بانی کی رہائی اور ان سے ملاقاتوں کا مطالبہ کیا جاتا رہا، کیا صوبائی حکومت کا فرض نہیں ہے کہ وہ جنازوں میں جائیں۔ اعظم نذیر تارڑ کا کہنا تھا کے پی میں امن وامان کی صورتحال نظر انداز کر کے وفاق پر چڑھائی کا اعلان کیا گیا، آپ نے حکومت اور اپوزیشن کے درمیان ثالثی کا کردار ادا کیا، ہم نے بھرپور کوشش کی کہ معاملات کو جمہوری انداز میں حل کیا جائے، ہم نے بار بار یہ باور کرایا کہ دہشت گردی قومی سلامتی کا معاملہ ہے، انہوں نے کہا آپ پہلے بانی کے لیے آسانیوں کی بات کریں باقی معاملات بعد میں ہوں گے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا سہیل آفریدی صوبے کو جلتا چھوڑ کر ملکی دوروں پر نکلے، کسی گرفتار شخص کی رہائی صرف عدالت ہی دے سکتی ہے، صرف صدر کے پاس اختیار ہے کہ کوئی رحم کی اپیل کرے تو صدر اختیار استعمال کرسکتے ہیں، ہمیں سیاست سے زیادہ ریاست عزیز ہے، ایمرجنسی کا فیصلہ خوشی سے نہیں بلکہ آخری آپشن کے طور پر کیا گیا۔ وفاقی وزیر قانون کی تقریر کے دوران اعظم نذیر تارڑ اور شفقت عباس کے درمیان تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا جس پر بیرسٹر گوہر نے شفقت عباس کو خاموش رہنے کو کہا۔ وزیر قانون کا کہنا تھا کہ کے پی میں 3 سال میں دہشت گردی کے 2911 اور گزشتہ ایک سال کے عرصے میں 3783 واقعات ہوئے، کے پی حکومت کا دہشت گردی کے خلاف رویہ ملکی سلامتی کیلئے خطرہ تھا، گورنر کے پی طویل عرصے سے صوبے میں لگی آگ سے متعلق شکایت کررہے تھے۔

بقیہ 6

دکھانے والے جوانوں میں انعامات تقسیم کیے، پاسنگ آوٹ تقریب میں تربیت مکمل کرنے والے جوانوں کے اہل خانہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تربیت مکمل کرنے والے جوانوں نے مادر وطن کے دفاع اور سلامتی کیلئے ہر قربانی دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر بلوچستان سے تعلق رکھنے والے جوانوں کا کہنا تھا کہ پاک فوج میں بطور سپاہی شمولیت اور کامیابی سے تربیت مکمل کرنے پر دلی خوشی ہے، ملک کے دفاع کیلئے پاک فوج میں شوق سے بھرتی ہوا ہوں۔

بقیہ 7

کہا کہ انہوں نے جو کہا تھا، اب وہ ہوگیا ہے۔ پی ٹی آئی نے دہشت گردی کے خلاف تعاون سے کبھی انکار نہیں کیا، ہم نے پولیس کو ایک سال میں 190 ارب روپے کا بجٹ منظور کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کی جماعت کا موقف تھا کہ دہشت گردی جیسے اہم معاملے پر تمام سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لیا جائے اور مشترکہ حکمت عملی اختیار کی جائے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا حکومت کے ساتھ مذاکرات محض بہانے تھے جبکہ انہیں پہلے ہی اندازہ تھا کہ حکومت خیبر پختونخوا میں گورنر راج نافذ کرنا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا تیکنیکی طور پر اب خیبر پختونخوا کے دو صوبے بنادیئے گئے ہیں، بارہ اضلاع کو الگ کردیا گیا ہے۔ جو چارج شیٹ دی گئی ہے اس میں بتائیں کون سا وہ آپریشن ہوا جس کی صوبائی حکومت نے اجازت نہیں دی۔ ہم مذمت بھی کررہے تھے، تعاون بھی کر رہے تھے۔ ہمارا مسئلہ سب سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لینے کا تھا۔ لانگ مارچ غیر قانونی کام نہیں تھا، جب سے فیصل کریم کنڈی کو چارج ملا ہے چھاپے مارے جارہے ہیں، میرے گھر پر دو چھاپے مارے گئے ہیں۔ لانگ مارچ سے متعلق شوکت یوسفزئی نے اعتراف کیا کہ مارچ کیلئے ان کے سامنے کوئی منصوبہ نہیں تھا۔

بقیہ 8

کے قیام کا جواز پیش کرتے ہوئے گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ کی، لیکن افسوس کہ دہشت گردی کے خلاف موثر کارروائی کے بجائے صوبے کی پولیس کو سیاسی مخالفین کے خلاف استعمال کیا جارہا ہے۔ آج میرے گھر پر پولیس کی بھاری نفری کا چھاپہ اس طرز عمل کی ایک واضح مثال ہے۔ انہوں نے کہا دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کہاں ہے؟ عوام کے جان ومال کا تحفظ کہاں ہے؟ آخر خیبر پختونخوا پولیس کو سیاسی انتقام کیلئے استعمال کرکے حکومت کیا حاصل کرنا چاہتی ہے؟ صوبے میں امن وامان کی بحالی کے بجائے سیاسی کارکنوں اور مخالفین کو نشانہ بنانا حالات کو مزید خراب کرنے کا سبب بن سکتا ہے۔ ہم ایسے ہتھکنڈوں سے نہ خوفزدہ ہوں گے اور نہ ہی اپنے آئینی، جمہوری اور سیاسی موقف سے پیچھے ہٹیں گے۔ فوری طور پر سیاسی انتقامی کارروائیاں بند کی جائیں اور وزیراعلی خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی، اسپیکر صوبائی اسمبلی بابر سلیم سواتی، پی ٹی آئی کے صوبائی صدر جنید اکبر خان اور دیگر تمام گرفتار سیاسی رہنماؤں، کارکنوں اور اراکین اسمبلی کو رہا کیا جائے۔ اسد قیصر نے کہا کہ ضلع باڑہ، خیبر پختونخوا میں نہتے پاکستان تحریک انصاف کے کارکنان پر پولیس کی جانب سے آنسو گیس کی شیلنگ اور لاٹھی چارج کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہوں۔ پرامن سیاسی کارکنان کے خلاف طاقت کا استعمال کسی صورت قابل قبول نہیں۔ حکومت ہوش کے ناخن لے اور سیاسی اختلافات کو طاقت کے ذریعے دبانے کے بجائے عوام کے جمہوری اور آئینی حقوق کا احترام کرے۔ حکومت کے ایسے اقدامات سے حالات بہتر ہونے کے بجائے مزید کشیدہ ہوں گے۔ حکومت کو یہ سمجھنا ہوگا کہ طاقت کے استعمال سے عوام کی آواز دبائی نہیں جاسکتی۔ فوری طور پر تشدد اور طاقت کا استعمال بند کیا جائے، ذمہ داروں کا تعین کرکے ان کے خلاف کارروائی کی جائے اور پرامن سیاسی سرگرمیوں کو طاقت کے ذریعے دبانے سے گریز کیا جائے۔

بقیہ 9

اکرم راجہ بھی کمرہ عدالت میں سلمان صفدر کیساتھ موجود تھے۔ سلمان صفدر نے کہا کہ خاتون کے لیے عدالتوں نے ہمیشہ نرم گوشہ رکھا ہے، نیب کا کنڈکٹ 13 ماہ میں قابل اعتراض رہا، نیب نے کئی ساعتوں پر التوا لیا، نیب نے سزا معطلی کی درخواست پر بھی اعتراض کیا، سزا کے بعد اب بشری بی بی کی ضمانت کا قانونی جواز بن چکا ہے، بشری بی بی خاتون ہونے پر سزا معطلی مانگی، کیس میں سارا فوکس بانی کے اپیل پر رہا۔ چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ میرٹ پر اس موقع پر نہ جائے، عدالت کے سامنے سزا معطلی کا کیس ہے۔ سلمان صفدر نے موقف اپنایا کہ خاتون کے لیے عدالتوں نے ہمیشہ نرم گوشہ رکھا ہے، نیب کا کنڈکٹ 13 ماہ میں قابل اعتراض رہا، نیب نے کئی ساعتوں پر التوا لیا، نیب نے سزا معطلی کی درخواست پر بھی اعتراض کیا، سزا کے بعد اب بشری بی بی کی ضمانت کا قانونی جواز بن چکا ہے، بشری بی بی خاتون ہونے پر سزا معطلی مانگی، کیس میں سارا فوکس بانی کے اپیل پر رہا۔ چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ میرٹ پر اس موقع پر نہ جائے، عدالت کے سامنے سزا معطلی کا کیس ہے، جسٹس باقی نجفی نے کہا کہ مرکزی اپیل سماعت کیلئے کتنی بار لگی ہے۔ عدالت نے بشری بی بی سزا معطلی کیس کی سماعت مکمل کرلی، چیف جسٹس امین الدین نے کہا کہ آرڈر کا انتظار کریں جب کہ عدالت نے سلمان صفدر کو تحریری دلائل پوائنٹس جمع کرانے کا حکم دے دیا۔

بقیہ 10

دیے، جس سے علاقے میں درپیش ایک بڑا اور سنگین خطرہ ٹل گیا ہے۔ زہری اسٹریٹ کی اہم اور مصروف ترین شاہراہ پر مین ہولز کے ڈھکن غائب ہونے کے باعث حادثات کا خطرہ بڑھ چکا تھا جس کی وجہ سے بچوں، بزرگوں اور رات کے وقت گزرنے والے راہگیروں اور گاڑیوں کے لیے شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ صحافی ضیاء الدین کمبوہ نے اس اہم مسئلے کی جانب نشاندہی کی جس پر چیئرمین گل حسن محمد حسنی نے معاملے کی حساسیت اور عوامی تکلیف کو مدنظر رکھتے ہوئے بغیر کسی تاخیر کے متعلقہ عملے کو فوری طور پر مین ہولز بند کرنے کی ہدایت کی۔ ان کی سخت ہدایات پر میونسپل کارپوریشن کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر تمام کھلے مین ہولز پر معیاری ڈھکن رکھوا دیے، جس سے شہریوں کا ایک دیرینہ اور شدید پریشان کن مسئلہ حل ہوگیا۔ اس بروقت اور عوامی فلاحی اقدام پر زہری اسٹریٹ کے رہائشیوں، تاجر برادری اور معززین علاقہ نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے چیئرمین گل حسن محمد حسنی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ اہل محلہ کا کہنا تھا کہ چیئرمین حب نے جس تندہی اور سنجیدگی سے عوامی مسئلہ حل کیا ہے، وہ قابل تحسین ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ چیئرمین حب گل حسن محمد حسنی مستقبل میں بھی اسی جذبے اور تندہی کے ساتھ شہر کے دیگر بنیادی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے اپنے تمام تر وسائل اور کوششیں بروئے کار لاتے رہیں گے۔

بقیہ 11

ہوسکے گی۔ پونزی اور پرامڈ اسکیموں، بغیر لائسنس ڈپازٹ لینے یا قرض دینے والی کمپنیوں کی نگرانی کی جائے گی۔ ایس ای سی پی کے مطابق یونٹ سوشل میڈیا، ڈیجیٹل اشتہارات اور خبروں میں مشکوک سرگرمیوں کا سراغ لگائیں گے، فراڈ کی بروقت نشاندہی سے سرمایہ کاروں کو نقصان سے بچانے میں مدد ملے گی۔ حکام کے مطابق اوپن سورس معلومات کو ریگولیٹری ثبوتوں میں بدل کر رسک پر مبنی مانیٹرنگ کریں گے، کارپوریٹ انٹیلی جنس یونٹ براہ راست چیئرمین ایس ای سی پی کی نگرانی میں کام کرے گا۔

بقیہ 12

کو خطے میں امن، اتحاد اور استحکام کے فروغ کے لئے ایک تاریخی سنگ میل قرار دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ مکہ دفاعی معاہدے کے تحت پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، دفاع اور علاقائی سلامتی کے لئے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ انہوں نے سعودی عرب کے اپنے دفاع کے جائز حق کی مکمل حمایت کا اعادہ بھی کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے تحفظ کیلئے پاکستان کے غیرمتزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود کو معاہدے میں شریک پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ نے مشترکہ طور پر 23 ستمبر کو اتحاد کا پہلا سیکریٹری جنرل مقرر کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ تینوں ممالک نے معاہدے پر 7 اگست کو دستخط کیے تھے، جس کے تحت تینوں میں سے کسی ایک ملک پر حملے کو تمام شریک ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ معاہدے کے تحت اتحاد کا مرکزی سیکریٹریٹ سعودی دارالحکومت ریاض میں قائم کیا جارہا ہے۔ نعمان محمود کی نامزدگی کی توثیق 5 اکتوبر کو ریاض میں اتحاد کی اسٹریٹجک سیاسی ودفاعی کمیٹی کے ہنگامی اجلاس میں کی گئی تھی۔ اجلاس میں سعودی عرب کو درپیش سکیورٹی خطرات اور خطے کی صورت حال کا جائزہ لیا گیا۔ دفتر خارجہ کے مشترکہ اعلامیے کے مطابق کمیٹی نے معاہدے کے تحت اجتماعی دفاع کی ذمہ داریوں پر فوری عمل درآمد اور سعودی عرب میں فوجی دستوں کی فوری تعیناتی کے لئے ضروری اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔

بقیہ 13

ہمارے موکلان پبلک سروس کمیشن کا امتحان پاس کرکے اپنے محکموں میں ملازمت کر رہے تھے، ہمارے موکلان محکمہ پنجاب فنانس سے 4 ماہ کی تنخواہ بھی لے چکے تھے، پبلک سروس کمیشن نے پیپر لیک کی سورس رپورٹ پر امیدواروں کو تعینات کرنے کی سفارشات واپس لے لیں۔ جسٹس علی باقر نجفی نے ریمارکس دیئے کہ لیک پیپر پبلک سروس کمیشن کی سفارشات کے بعد ریکور ہوئے، ریکور پیپر امیدواروں کے امتحان کلیئر کرنے کے بعد سامنے آئے، پیپر لیک کے الزام پر پنجاب پبلک سروس کمیشن کے کتنے افسران کے خلاف کارروائی کی گئی۔ وکیل پنجاب پبلک سروس کمیشن نے کہا کہ پیپر لیک معاملے پر چار افسران کو برطرف کیا گیا۔ جسٹس علی باقر نجفی نے ریمارکس دیے کہ امیدواروں کو ہٹانے سے قبل کسی کو شوکاز نوٹس جاری نہیں کیا گیا، میدواروں کو ہٹانے سے قبل سنا بھی نہیں گیا۔

بقیہ 14

کی مشیر برائے اطلاعات ثمر ہارون بلور کا کہنا ہے کہ پولیس نے ہنگامہ آرائی اور توڑ پھوڑ کے واقعات پر محتاط اور متناسب انداز میں ردعمل دیا، پولیس کی جانب سے براہ راست فائرنگ کے الزامات کو بے بنیاد اور لغو ہیں۔ رپورٹس کے مطابق پشاور کے ضلع باڑہ بازار کے داخلی وخارجی راستے سیل کردیئے گئے باڑہ بازار کا کنٹرول پولیس نے سنبھال لیا۔ ڈی ایس پی خزانہ احسان خان نے ایک بیان میں کہا ہے کہ باڑہ بازار میں پولیس کی بھاری نفری تعینات ہے جبکہ سکیورٹی کے انتظامات انتہائی سخت کردیئے گئے جبکہ پشاور پولیس کے تازہ دم دستے باڑہ پہنچ گئے۔ باڑہ بازار کے داخلی وخارجی راستوں پر پولیس اہلکار تعینات ہے کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دیں گے امن وامان برقرار رکھنے کے لئے پولیس متحرک ہے اور صورتحال پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہے۔ باڑہ بازار کی بندش سے متعلق بابر کی جانب سے اہم ہدایات جاری کی گئی ہیں، جن کے مطابق باڑہ بازار اج مکمل طور پر بند رہے گا۔ اطلاعات کے مطابق بازار کے گردونواح میں قائم تمام چوکیوں کے انچارجز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اس فیصلے سے فوری آگاہی یقینی بنائیں اور سختی سے نگرانی کریں کہ آج کوئی بھی دکان نہ کھولی جائے۔ تمام دکانداروں، آپریٹرز اور متعلقہ افراد سے گزارش ہے کہ ان ہدایات پر عمل کریں اور نوٹ فرمالیں کہ اج کسی کو بھی دکان کھولنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ کیپٹل سٹی پولیس پشاور کے ترجمان کا کہنا ہے کہ باڑہ میں حالات مکمل کنٹرول میں ہیں، عوام افواہیں پھیلانے سے گریز کریں، قانون ہاتھ میں لینے والوں کیخلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ ادھر گورنر کے پی کی مشیر برائے اطلاعات ثمر ہارون بلور نے پولیس کی جانب سے براہ راست فائرنگ کے الزامات کو بے بنیاد اور لغو قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ الزامات سوشل میڈیا کے گمنام اکاؤنٹس کے ذریعے پھیلائے گئے، جن پر مصنوعی ذہانت (اے آئی) سے تیار کردہ ویڈیوز شیئر کی گئیں۔ دوسری جانب پی ٹی آئی کے عہدیداروں نے دعوی کیا کہ جھڑپوں کے دوران پانچ افراد زخمی ہوئے، سب سے سنگین واقعہ خیبر کے ضلع باڑہ میں پیش آیا۔ پی ٹی آئی کے سیکرٹری اطلاعات اکرام کھٹانہ نے دعوی کیا کہ نامعلوم افراد نے باڑہ میں نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کے ایک مرکز کو آگ لگا کر قریبی دفاتر پر دھاوا بول دیا۔ اس واقعے کے حوالے سے ثمر بلور نے کہا کہ واقعے کی ذمہ داری کا تعین تحقیقات کے ذریعے کیا جائے گا، جس میں ویڈیو فوٹیج کا جائزہ لینے اور عینی شاہدین کے بیانات قلم بند کرنے سمیت دیگر شواہد جمع کیے جائیں گے۔ دوسری جانب بانی پی ٹی آئی کے معاون اور پی ٹی آئی کے ترجمان زلفی بخاری نے ایکس پر ویڈیوز شیئر کرتے ہوئے انہیں باڑہ بازار میں ہونے والے تشدد سے متعلق قرار دیا۔ انہوں نے ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کو کو قرار دیتے ہوئے خبردار کیا کہ بدامنی کے واقعات مزید علاقوں تک پھیل سکتے ہیں۔

بقیہ 15

درخواست دائر کردی۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کو پشاور ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ کر کے جمہوری حکومت ختم کردی گئی، امید ہے عدالت صوبے میں جمہوری حکومت بحال کرے گی۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ عدالت سے درخواست کی جلد سماعت کی استدعا کی ہے، ہم آئینی اور قانونی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 16

میں بھگدڑ مچ گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعے کے فورا بعد سیکورٹی اہلکاروں نے بر states کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ کرنے والے ملزم کو موقع پر ہی اسلحے سمیت گرفتار کرلیا۔ زخمی قیدی کو فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا ہے، جبکہ پولیس نے گرفتار ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے واقعے کی مزید تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ 17

خوف وہراس پھیلانے والے دہشت گرد عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی اور دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی سازشوں کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا۔

بقیہ 18

کے آٹھویں مشترکہ وزارتی اجلاس سے قبل ہوئی۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور عمان کے قریبی برادرانہ تعلقات کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں تعاون مزید مضبوط بنانے کیلئے اعلی سطح پر رابطوں کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے۔ ملاقات کے دوران دوطرفہ تعلقات، علاقائی صورت حال سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے پائیدار امن اور استحکام کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری کی اہمیت پر زور دیا۔ عمانی وزیرخارجہ نے علاقائی امن وسلامتی کے فروغ کیلئے پاکستان کی کوششوں کو سراہا، جبکہ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے بھی خطے میں امن اور استحکام کیلئے عمان کے تعمیری کردار اور مشترکہ کوششوں کو سراہا۔

بقیہ 19

یوسف رضا گیلانی کی زیر صدارت سینیٹ اجلاس میں خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی پر بحث جاری رہی، وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نفاذ منظوری کی قرارداد پیش کی۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ اگر اپوزیشن کہتی ہے کہ بغیر بحث کے قرارداد پر ووٹ کروادیں تو میں کروا دیتا ہوں، کل بھی اس معاملے پر سینیٹ میں بات ہوئی۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ ہم ایمرجنسی پر بحث جاری رکھیں گے، یہ آئینی ضرورت ہے، ہم نے ایمرجنسی نفاذ قرارداد کی کاپی ممبران کے ٹیبل پر رکھ دی ہے، اپوزیشن ارکان کی ایمرجنسی مسترد کرنے کی قرارداد آئی ہیں، حکومت جو قرارداد لائی ہے وہ آئینی تقاضا ہے۔ وزیر قانون نے کہا کہ اپوزیشن کی قرارداد ایوان میں پیش نہیں ہو سکتی، حکومتی قرارداد کو اپوزیشن مسترد کردے۔ چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ میں معاملے پر دیگر ارکان کو سننا چاہتا ہوں۔ اس سے قبل قومی اسمبلی نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کی منظوری دے دی، ایمرجنسی کے نفاذ کی قرارداد کثرت رائے سے منظور کی گئی، قرارداد کی منظوری کی اپوزیشن نے مخالفت کی اور نعرے لگائے۔ کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کی قرارداد وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے پیش کی، قرارداد پر حکومت اور اپوزیشن اراکین نے چار گھنٹے سے زائد بحث کی۔

بقیہ 20

فی بیرل ہوگئی۔ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) خام تیل کی قیمت بھی 80 سینٹ، یعنی 0.9 فیصد بڑھ کر 94.94 ڈالر فی بیرل پر پہنچ گئی۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق قیمتوں میں یہ اضافہ منگل کو کاروبار کے اختتام پر تیل کی قیمتوں میں ملے جلے رجحان کے بعد سامنے آیا۔ اس دوران برینٹ خام تیل کی قیمت میں 0.9 فیصد کمی، جبکہ ڈبلیو ٹی آئی کی قیمت 0.4 فیصد بڑھ گئی تھی۔ تاجروں کی توجہ یمن کے حوثی گروپ اور سعودی عرب کے درمیان لڑائی کے باعث تیل کی سپلائی کو لاحق خطرات اور روس سے ڈیزل کی ممکنہ اضافی دستیابی پر مرکوز ہے۔ دوسری جانب، سعودی عرب کی وزارت توانائی کے مطابق حوثی گروپ نے شہر ظہران میں سرکاری تیل کمپنی سعودی آرامکو کی ایک انتظامی عمارت کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں محدود پیمانے پر آگ لگ گئی۔

بقیہ 21

نے دونوں سفیروں کو ان کی تعیناتی پر مبارکباد دی اور ان کے سفارتی فرائض میں کامیابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے اعتماد کا اظہار کیا کہ وہ پاکستان کے اپنے ممالک کے ساتھ تعلقات کو مضبوط بنانے اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے میں کردار ادا کریں گے۔ فرانس کے نامزد سفیر ژاں نوئل پواغیے سے ملاقات کے دوران صدر مملکت نے باقاعدہ مکالمے اور وسیع تر تعاون کے ذریعے فرانس کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ تعلقات کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کثیرالجہتی، باقاعدہ اعلی سطحی تبادلوں اور ایک خودمختار دوطرفہ تعلق کی اہمیت پر زور دیا۔ صدر مملکت نے تجارت، سرمایہ کاری، پارلیمانی تبادلوں، تعلیمی و ثقافتی روابط اور دفاعی تعاون کو بڑھانے کے مواقع کو اجاگر کیا۔ سعودی عرب کے نامزد سفیر ڈاکٹر راجح طامی البقمی سے ملاقات میں صدر مملکت نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان قریبی سٹریٹجک شراکت داری پر زور دیا اور سعودی مملکت کی سلامتی اور دفاع کے لئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے مکہ اتحاد برائے دفاع اور دوطرفہ تعاون کی بنیاد بنانے والے ادارہ جاتی طریقہ کار کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ صدر مملکت نے معاشی تعلقات کو مزید گہرا کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا، سعودی عرب کی مالی معاونت اور تیل کی فراہمی میں تعاون کو سراہا اور سعودی عرب میں پاکستانی کمیونٹی کے کردار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے اعتماد کا اظہار کیا کہ سفیر کی مدت ملازمت میں دونوں ممالک کے تعلقات نئی بلندیوں تک پہنچیں گے۔

بقیہ 22

کرکے تباہ کردیا جبکہ ریاض میں ملبہ گرنے سے چار افراد زخمی ہوگئے اور 15 گھروں کو نقصان پہنچا۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق منگل و بدھ کی درمیانی رات ریاض میں اس وقت زوردار دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں جب فضائی دفاعی نظام نے شہر کے اوپر موجود دشمن کے اہداف کو نشانہ بنایا۔ عرب اتحاد نے مختلف علاقوں میں چھ کروز، دو بیلسٹک میزائل اور پانچ ڈرونز مار گرائے۔ سعودی جنرل ڈائریکٹوریٹ آف سول ڈیفنس نے بیان میں کہا ریاض میں انٹرسیپٹ کیے جانے والے دو کروز میزائلوں کے ٹکڑے گرنے کے بعد کارروائی کی گئی۔ ایسے واقعات سے نمٹنے کیلئے معیاری طریقہ کار پر عمل کیا گیا۔ میزائلوں کے ٹکڑے گرنے سے دو خواتین اور ایک بچے سمیت چار افراد زخمی ہوگئے جبکہ پندرہ گھروں کو جزوی نقصان پہنچا ہے۔ سول ڈیفنس نے گھروں کو پہنچنے والے نقصان کی تصاویر بھی جاری کیں۔ ایس پی اے کے مطابق وزارت توانائی کے ایک سرکاری ذریعے نے بتایا الشرقیہ ریجن کے شہر ظہران میں آرامکو کی ایک انتظامی عمارت کو نشانہ بنایا گیا جس سے معمولی نوعیت کی آگ لگی۔

بقیہ 23

یہاں پر معاملات ایسے اٹھائے جاتے ہیں کہ ماضی سے مماثلت کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یاد ہے جنرل فیض اور جنرل باجوہ یہاں بیٹھے ہوتے تھے، ہمیں کونیس کرنے کی کوشش کی جارہی تھی ان دہشت گردوں کو واپس لایا جائے تو فائدہ ہوگا، اپنا کیس لڑتے ہوئے ماضی کے کرتوت بھی دیکھ لیا کریں، ہمارے قول وفعل میں تضاد رہے گا تو یہ حالات ٹھیک نہیں ہونگے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ شادیوں میں میراثی اتنی تعریف نہیں کرتے جتنی بطور وزیر اعظم عمران خان سابق آرمی چیف قمر جاوید باجوہ کی کیا کرتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ آپ نے چیا سیڈ کی بات کی ہم تو چائے پراٹھا کھانے والے لوگ ہیں، جیل میں مجھے ایک کمبل دیا، دوسرا کمبل مانگنے پر نہیں ملا، شہباز شریف نے پتہ چلنے پر کمبل مجھے بھیجا، یہ تنقید کرتے وقت ماضی کو دیکھا کریں، سیاسی قیدیوں کے لیے قابل فخر بات ہوتی ہے، اٹک جیل میں 6/4 کا سیل تھا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ ہم نے نواز شریف اور شہباز شریف کی رہائی کو کبھی ایشو نہیں بنایا، انہوں نے ایک شخص کی رہائی کو ایشو بنایا، ہمارا مسئلہ صرف دہشت گردی کا ہے، وزیر اعلی کو سیاست کی فکر تھی، لیز پر آنے والا وزیر اعلی اپنی لیز کنفرم کروانا چاہتا تھا۔ جیل میں مریم نواز نے سر پر گیلا ڈوپٹہ رکھ کر گرمی کا مقابلہ کیا، میں نے نواز شریف کی وفاداری میں جیل کاٹی، ثابت قدم رہا۔ بانی پی ٹی آئی کا جیل میں کھانے کا مینو پوری دنیا جانتی ہے، ان کا کہنا تھا کہ ہم نے ڈی چوک میں آکر قبریں نہیں بنائیں، ہم نے ایوان میں آکر ماتم نہیں کیا، ہم نے قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کو شہید نہیں کیا، برسر اقتدار وزیر اعلی افغانستان میں بیٹھے ایک شخص سے ڈکٹیشن لیتا تھا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ یہ ایک ایسی جنگ ہے جو سب کو متحد ہوکر لڑنا پڑے گی، وہاں مائنز اور ہیلتھ کے ٹھیکے کس کے پاس ہیں، 14 سال باقی صوبے کہاں ہیں وہ ایک صوبہ کہاں ہے، ایک صوبے کا تیا پانچا کردیا آپ نے، حالات بتاتے ہیں حکومت کے پاس ایمرجنسی کے علاوہ کوئی آپشن نہیں تھا، ان آیات کے نیچے کھڑے ہوکر جھوٹ نہیں بولنا چاہئے۔ پی ٹی آئی کے دور حکومت میں دہشت گردوں کو واپس لاکر بسانے کیلئے قائل کرنے کی کوشش کی گئی۔ پی ٹی آئی کے چار سالہ دور حکومت میں غیر آئینی اقدامات کا سامنا کرنا پڑا۔ خواجہ آصف نے پی ٹی آئی کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ خدا کے لیے اپنے مقدمے کی پیروی کرتے ہوئے ذرا ماضی میں دیکھا لیا کریں کہ آپ کے اپنے کرتوت کیا تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمارا مسئلہ صرف دہشتگردی کا ہے۔ وزیر دفاع نے الزام لگایا کہ 14 ماہ کے اند 3900 ہلاکتیں ہوئی ہیں کیونکہ وزیر اعلی کو اپنی سیاست کے متعلق زیادہ فکر لاحق تھی۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ آج طالبان نے ایمرجنسی کی مذمت کی ہے اور خیبر پختونخوا میں فوج کی تعیناتی کی بھی مذمت کی ہے۔ انہوں نے پی ٹی آئی سے سوال کیا کہ بتایا جائے کہ ان کا حلیف اور حریف کون ہے؟ حریف پاکستان کی ریاست اور حلیف طالبان ہیں جن کے ہاتھ ہمارے بچوں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں۔ یہ ایک ایسی جنگ ہے جو اس ملک کو، قوم کو متحد ہو کر لڑنی پڑے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ حالات بتاتے ہیں کہ ایمرجنسی لگانے کے علاوہ حکومت کے پاس کوئی چوائس نہیں رہی تھی۔ یہ آخری آپشن تھا جو ہمیں لینا پڑا۔

بقیہ 24

نکالتے ہیں، ایمرجنسی کا فیصلہ سراسر غلط ہے، اسے چھوڑیں اور لوگوں سے بات چیت کا راستہ اختیار کریں۔ سابق وزیراعلی خیبر پختونخواہ کا دفاع کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر کا کہنا تھا کہ سہیل آفریدی ٹھیک انسان تھا، نہ وہ کسی کو گالی دیتا تھا بلکہ صرف یہی کہتا تھا کہ اس ظلم کے خلاف کھڑے ہوجا، لہذا اب بھی وقت ہے کہ حکومت ان غیر آئینی فیصلوں کو ریورس کرے، آج ذوالفقار علی بھٹو قلندر سے بڑا پیر بن چکا ہے، کیا بانی پی ٹی آئی عمران خان کو بھی قلندر بنانا چاہتے ہیں؟ محمود خان اچکزئی نے اعلان کیا کہ ہم آپ سے وعدہ کرتے ہیں کہ ہم عمران خان سے ملاقات کریں گے، کسی کو کچھ بھی نہیں بتائیں گے، عمران خان کی ذہنی و جسمانی حالت کا جائزہ لیں گے اور جہاں سے آپ لوگوں کی بات رکی تھی، وہیں سے دوبارہ مذاکرات شروع کرنے کی کوشش کریں گے۔ ملک میں معاشی بدعنوانی اور انتظامی مسائل کا ذکر کرتے ہوئے اپوزیشن رہنما نے انکشاف کیا کہ ملک میں کھربوں روپے کی کرپشن ہورہی ہے اور 23 ہزار سے زائد سویلین و ملٹری بیوروکریٹس دوہری شہریت رکھتے ہیں، ملک کے حساس اداروں سے اپیل ہے کہ اس معاملے کی تحقیقات کروائی جائیں اور اس کے لیے قائم کی جانے والی تحقیقی کمیٹی کا سربراہ وفاقی وزیر خواجہ آصف کو بنایا جائے۔

بقیہ 25

عزم اور اعلی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ فتن الہندوستان کے دہشت گردوں کے ناپاک اور مذموم عزائم کو خاک میں ملانے والے سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر پوری قوم کو فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن ردالفتنہ 3 میں حصہ لینے والے وطن کے جری جوانوں کی بروقت اور موثر کارروائیاں ملکی بقا اور قومی سلامتی کے تحفظ کے غیر متزلزل عزم کی واضح عکاس ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رہے گی اور پوری قوم مادر وطن کے دفاع کے لیے سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ چٹان کی طرح کھڑی ہے۔

بقیہ 26

احتجاج کے دوران پرتشدد واقعات پیش آئے، مشتعل مظاہرین نے نادرا آفس کو آگ لگادی جبکہ ریسکیو آفس پر پتھراؤ بھی کیا گیا۔ ڈی پی او وقار احمد کے مطابق واقعات میں 4 پولیس اہلکار زخمی ہوئے جبکہ 62 افراد کو گرفتار کرکے ان کے خلاف دہشت گردی کے مقدمات درج کرلئے گئے ہیں۔ حکام کے مطابق باڑہ اور ملحقہ علاقوں میں سکیورٹی ہائی الرٹ کردی گئی، پشاور پولیس نے علاقے کا کنٹرول سنبھال لیا، خیبر پولیس کے ساتھ مل کر امن وامان ہر صورت برقرار رکھا جائے گا۔ سی سی پی او پشاور کا کہنا ہے کہ احتجاج کی آڑ میں قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت کسی کو بھی نہیں دی جائے گی، شاہراہیں بند کرنے اور عوامی زندگی مفلوج کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی، امن وامان خراب کرنے اور پرتشدد احتجاج میں ملوث عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔

بقیہ 27

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پاسداران انقلاب فورس کے کمانڈر انچیف کے مشیر اعلی بریگیڈیئر جنرل محمد رضا نقدی کا کہنا تھا کہ ایران پر حملہ امریکی فوج کیلئے تباہ کن ثابت ہوگا، زمینی حملے کی باتیں امریکی میڈیا کا پروپیگنڈا ہیں، امریکا نتائج جانتا ہے، اس لیے ایسے اقدام سے گریز کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ حملے کی صورت میں بڑی تعداد میں امریکی فوجی گرفتار ہوسکتے ہیں۔ محمد رضا نقدی کا مزید کہنا تھا کہ عراق اور افغانستان جنگوں پر امریکا نے کھربوں ڈالر خرچ کیے، لیکن امریکا کو آخر کار ناکامی کا سامنا کرنا پڑا، ایران اپنی دفاعی صلاحیتوں پر مکمل اعتماد رکھتا ہے۔ بریگیڈیئر جنرل محمد رضا نقدی نے دعوی کیا ہے کہ اردن میں ایک حملے کے دوران 200 امریکی ہلاک ہوئے۔ بریگیڈیئر جنرل محمد رضا نقدی کے مطابق ہلاکتوں کی اطلاع اردن کے ہلال احمر نے دی، تاہم اس دعوے کی آزادانہ تصدیق سامنے نہیں آئی۔ محمد رضا نقدی نے مزید دعوی کیا کہ کویت اور بحرین میں ایسے ہوٹلوں کو بھی نشانہ بنایا گیا جہاں امریکی فوجی قیام پذیر تھے۔ ایرانی کمانڈر کے مطابق ان حملوں کے بعد ہوٹلوں کے باہر کافی دیر تک ایمبولینسوں کی آمدورفت جاری رہی، تاہم انہوں نے مبینہ حملوں میں ہلاک یا زخمی ہونے والوں کی مجموعی تعداد یا واقعات کی مزید تفصیلات فراہم نہیں کیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ان دعوؤں کی آزادانہ تصدیق دستیاب نہیں، جبکہ اردن، کویت اور بحرین کے حکام کی جانب سے بھی ان واقعات اور امریکی ہلاکتوں سے متعلق باضابطہ تصدیق سامنے نہیں آئی۔

بقیہ 28

پیشکان اور گنز کے درمیان سمندری علاقے میں موجود تھی کہ حادثے کا شکار ہوگئی۔ کشتی میں سوار سات ماہی گیر سمندر میں ڈوب گئے، جن میں سے ناخدا لعل محمد بلوچ کی لاش برآمد کرلی گئی ہے، جبکہ دیگر چھ ماہی گیروں کی تلاش جاری ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق واقعے کی اطلاع کے باوجود سرکاری ریسکیو ٹیم تاحال جائے وقوعہ پر نہیں پہنچی، جس کے باعث مقامی ماہی گیروں نے اپنی مدد آپ کے تحت امدادی کارروائیاں شروع کردی ہیں۔ ماہی گیر اپنی کشتیوں کے ذریعے سمندر میں لاپتہ ساتھیوں کی تلاش میں مصروف ہیں۔ حادثے کے بعد لاپتہ ماہی گیروں کے اہل خانہ اور مقامی آبادی میں تشویش پائی جاتی ہے۔ مقامی ماہی گیر اپنی سطح پر تلاش جاری رکھے ہوئے ہیں، جبکہ لاپتہ افراد کی بحفاظت بازیابی کے لیے فوری ریسکیو کارروائیوں کی ضرورت ہے۔

بقیہ 29

میں عالمی بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر ہونے والی ملاقات میں تجارتی فریم ورک معاہدے پر پیش رفت اور امریکا سے درآمدات میں اضافے کے ذریعے توانائی کے ذرائع میں تنوع لانے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر خزانہ نے ایندھن کی مسلسل فراہمی برقرار رکھنے اور معاشی طور پر کمزور طبقات کو ریلیف فراہم کرنے کے اقدامات پر روشنی ڈالی۔ انسداد منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام کے انتظامات، فنانشل ایکشن ٹاسک فورس سے متعلق پیش رفت اور امریکی انٹرنیشنل ڈویلپمنٹ فنانس کارپوریشن وایکسپورٹ امپورٹ بینک کے ذریعے منصوبوں کی مالی معاونت پر بھی گفتگو ہوئی۔ وزیر خزانہ نے ریکوڈک منصوبے، اہم معدنیات کے شعبے میں تعاون، منصوبے کی سلامتی اور نجی سرمایہ کاری کے مواقع پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ ملاقات میں بوئنگ طیاروں کی خریداری اور مالی معاونت، ہوا بازی سے متعلق منظوریوں، ڈیجیٹل اثاثوں کے ضابطہ جاتی نظام اور ترسیلات زر اور یورو بانڈز کے ٹوکنائزیشن کے ممکنہ استعمال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 30

گیا سلام آباد میں وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں وزیراعظم اپنا گھر، ایس ایم ایز، زرعی شعبے میں قرض فراہمی، مالی وسائل تک رسائی کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نیکہا جن بینکوں کی کارکردگی غیر تسلی بخش ہے وہ بہتر بنائیں تاکہ انہیں بھی حکومتی حوصلہ افزائی ملے، اپنا گھر ہاؤسنگ اسکیم سے مستفید ہونے کے خواہشمند افراد کیلئے کوائف فراہمی عمل مزید آسان کرنے کی ہدایت کردی۔ وزیراعظم نے کہا ہاؤسنگ فنانس کیلئے غیر متنازع ملکیتی دستاویزات کا حصول آسان بنایا جائے، ڈویلپرز فنانس سے متعلق کمیٹی کی سفارشات کو جلد از جلد حتمی شکل دے کر پیش کرنے کی ہدایت بھی کی۔ وزیراعظم نے پاسکو کے غیر فعال گوداموں اور سائلوز کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا گوداموں اور سائلوز کی نجی شعبے کے تعاون سے اجناس محفوظ طریقے سے ذخیرہ کرنے کی استعداد بڑھائی جائے۔

بقیہ 31

کیا۔ ایوان سے خطاب کرتے ہوئے مولانا ہدایت الرحمان نے کہا کہ بدقسمتی سے آج ہماری شاہراہیں مسافروں اور عام شہریوں کے لیے بالکل غیر محفوظ ہوچکی ہیں، جہاں آئے روز امن وامان کے مسائل اور سفری خطرات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ عوام کے جان ومال کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے، جس کے لیے عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ صوبے میں بڑھتی ہوئی منشیات کی فروخت پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے مولانا ہدایت الرحمان نے انکشاف کیا کہ منشیات فروش منظم طریقے سے ہماری نئی نسلوں کو تباہ کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے بھر میں شراب کی کھلے عام فروخت جاری ہے، اور اب صورتحال اتنی تشویشناک ہوچکی ہے کہ منشیات تعلیمی اداروں تک پہنچ چکی ہے جہاں یہ زہر اب "چاکلیٹ کی طرح فروخت" ہو رہا ہے۔ رکن اسمبلی نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ منشیات فروشوں اور اس کے ناسور کو پھیلانے والوں کے خلاف فوری، بلا امتیاز اور سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ نوجوان نسل کو اس تباہی سے بچایا جاسکے۔

بقیہ 32

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار اور زرعی شعبے میں قرضوں کی فراہمی اور مالی وسائل تک رسائی کے حوالے سے اعلی سطح کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزرا رانا تنویر حسین، ڈاکٹر مصدق مسعود ملک، عطا اللہ تارڑ، ریاض حسین پیرزادہ، احد خان چیمہ، شزا فاطمہ خواجہ، وزیراعظم کے مشیر ہارون اختر، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، جے ایس بینک، عسکری بینک، الائیڈ بینک، حبیب میٹرو بینک، بینک آف خیبر اور ایم سی بی اسلامک بینک کے سی ای اوز اور متعلقہ اداروں کے اعلی افسران شریک تھے۔ اجلاس کو ہاسنگ، زرعی شعبے اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو قرضوں کی فراہمی کے اعداد وشمار پیش کیے گئے۔ بتایا گیا کہ بینکوں کی جانب سے تینوں ترجیحی شعبوں کے لیے ادارہ جاتی استعداد بڑھائی جارہی ہے، ڈویلپرز فنانس کے فروغ کے لیے کام جاری ہے اور اس ضمن میں ایک کمیٹی بھی تشکیل دی جاچکی ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ وزیراعظم اپنا گھر اسکیم کے تحت اب تک 448 ارب روپے مالیت کے 75 ہزار 198 قرضوں کی منظوری ہوئی ہے، اب تک 14 ہزار افراد کو 76 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جاچکے ہیں، رواں سال 125,000 رہائشی یونٹس کے لیے 700 ارب روپے کے قرضوں کی فراہمی کا ہدف رکھا گیا ہے، ہاسنگ فنانس کے حوالے سے درخواستوں پر کارروائی کا دورانیہ کم کر کے صرف 15 کاروباری دن تک محدود کردیا گیا ہے، ہاسنگ فنانس کے لیے دستاویزات کی تعداد 25 سے کم کرکے صرف 5 کردی گئی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ زرعی شعبے کے لیے قرضوں کا مجموعی حجم 1352 ارب روپے ہے۔

بقیہ 33

کے پائلٹ پراجیکٹ پرست روی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو لائحہ عمل مرتب کرکے پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قیمتی پتھروں وجواہرات کے شعبے کی ترقی کیلئے اقدامات میں سست روی قبول نہیں۔ کان کنی، تراش خراش سے ویلیو ایڈیشن کا ایکوسسٹم بنایا جائے کیونکہ غیر معیاری طریقے سے کان کنی اور قیمتی پتھروں کی اسمگلنگ سے سالانہ اربوں ڈالر کا نقصان ہوتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ قیمتی پتھروں، معدنیات کے وسیع ذخائر سے برآمدات میں اضافے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں۔ دوسرے ممالک کی طرح برانڈ پاکستان پر کام کریں۔ ویلیو ایڈیشن کیلئے سینٹرز آف ایکسیلینس جلد قائم کیا جائے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ حسین آباد اسکردو میں سینٹر آف ایکسیلینس کیلئے زمین منتقل ہوچکی۔ تعمیر جلد شروع ہوگی۔ آزاد کشمیر اور اسلام آباد میں بھی زمین کی نشاندہی کی جاچکی ہے۔ جیولوجیکل میپنگ میں گلگت بلتستان، آزاد کشمیر اور خیبر پختونخوا میں 8 نئے بلاکس میں قیمتی پتھروں کی دریافت کے حوالے سے مزید کام کرنے کی نشاندہی کی گئی ہے۔

بقیہ 34

بلوچ عوام کو لوٹنے، خوف وہراس پھیلانے اور انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچانے میں ملوث تھے۔ سیکیورٹی فورسز بلوچستان سے دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم، آخری دہشتگرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 35

کے عملی حل کے لیے مشترکہ اقدامات کرے۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ پاکستان کے پہاڑی علاقوں میں گلیشئرز کا پگھلنا خاموشی سے نہیں ہوتا بلکہ اس کے نتیجے میں بڑے پتھر گرنے، پانی کے تیز بہاو اور وادیوں میں تباہی کے باعث مقامی آبادیوں کو شدید نقصانات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نیہنزہ کے علاقے حسن آباد کی رہائشی زارا کی مثال دیتے ہوئے بتایا کہ مئی 2022 میں درجہ حرارت بڑھنے اور گلیشئر کے پیچھے جھیل بننے کے بعد شسپر گلیشئر ٹوٹ گیا جس سے مقامی آبادی کا نظام زندگی متاثر ہوا۔ انہوں نے کہا کہ زارا کے شوہر کھیتوں میں کام کررہے تھے کہ گلیشئر ٹوٹنے کا واقعہ پیش آیا۔ انہوں نے گھر پہنچ کر اپنی اہلیہ اور بچوں کو بحفاظت نکال لیا تاہم ان کا گھر، مویشی اور سکولوں وکلینکس سمیت بنیادی سہولیات تباہ ہوگئیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ایسی آفات کے باعث کئی نسلوں کی محنت سے غربت سے نکلنے والے خاندان دوبارہ مشکلات کا شکار ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نگر اور ہنزہ کی حسن آباد وادی کے متاثرہ علاقوں میں ایک ماہ کے اندر تقریبا ایک ہزار گھرانے تباہی سے متاثر ہوئے۔

بقیہ 1

ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ عوام کے بنیادی مسائل بالخصوص امن و امان کے بحران کی طرف فوری توجہ دے اور ان کا پائیدار حل نکالے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ قلعہ عبداللہ ماضی میں افیون کی کاشت کے حوالے سے بدنام تھا، تاہم حکام کی جانب سے سنجیدہ اقدامات نہ کرنے کی وجہ سے اب یہ لعنت دیگر علاقوں تک بھی پھیل چکی ہے اور ضلع میں آئے روز کوئی نہ کوئی افسوسناک واقعہ رونما ہو رہا ہے۔ انجینئر زمرک خان اچکزئی نے ایوان کو بتایا کہ ان کے حلقے میں اس وقت بھی 3 پولیس افسران اور 200 اہلکاروں کی آسامیاں خالی پڑی ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پولیس کی بھرتی کے عمل کو آسان بنایا جائے جبکہ منشیات کے خلاف کارروائیوں کو مزید سخت کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ قلعہ عبداللہ کے عوام کو امن چاہیے اور اس مقصد کے لیے فوری اور سنجیدہ اقدامات کی اشد ضرورت ہے، کیونکہ قلعہ عبداللہ میں امن بحال ہونے سے پورے پشتون بیلٹ میں پائیدار امن قائم ہوسکتا ہے۔ رکنِ صوبائی اسمبلی نے مزید کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ عوام کا اعتماد بحال کرے اور جو عناصر قانون و آئین کو اپنے ہاتھ میں لینے کی کوشش کرتے ہیں، ان تمام کے خلاف بلاتفریق سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ قلعہ عبداللہ، چمن، زیارت اور گرد ونواح کے علاقوں میں امن و امان کی ابتر صورتحال کے باعث اب حالات اتنے خراب ہو چکے ہیں کہ لوگ وہاں جانے سے بھی کتراتے ہیں۔

بقیہ 2

الگ الگ ملاقاتیں کیں، جن میں علاقائی سلامتی، پیشہ ورانہ روابط اور دوطرفہ دفاعی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق برازیلی وفد نے نیول ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا، جہاں ایڈمرل نوید اشرف سے ملاقات میں علاقائی بحری سلامتی اور پاکستان و برازیل کے درمیان بحری تعاون بڑھانے کے امکانات پر گفتگو ہوئی۔ ملاقات کے دوران پیشہ ورانہ تربیتی پروگرامز، باہمی دوروں اور مشترکہ بحری مشقوں کے ذریعے دونوں ممالک کی بحری افواج کے درمیان تعاون کو مزید مستحکم بنانے پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر برازیلی ایڈمرل رینالٹو روڈریگز ڈی اگویار فریرے نے پاکستان نیوی کے ریجنل میری ٹائم سیکیورٹی پیٹرولز اقدام اور علاقائی استحکام کے لیے پاک بحریہ کے کردار کو سراہا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق برازیلی وفد نے ایئر ہیڈکوارٹرز کا بھی دورہ کیا، جہاں سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات ہوئی۔ اس موقع پر وفد کو پاک فضائیہ کی جدید کاری اور دفاعی صلاحیتوں کو مقامی سطح پر فروغ دینے کے اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ ملاقات میں خلائی ٹیکنالوجی، سائبر صلاحیتوں، مصنوعی ذہانت اور الیکٹرانک وارفیئر سمیت جدید دفاعی شعبوں کو پاک فضائیہ کے نظام میں شامل کرنے پر بھی روشنی ڈالی گئی۔ برازیلی ایڈمرل نے پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ مہارت اور آپریشنل صلاحیتوں کو سراہا۔ دونوں ملاقاتوں میں پاکستان اور برازیل نے پیشہ ورانہ تبادلوں، ادارہ جاتی روابط اور دوطرفہ دفاعی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 3

کے لیے تمام امور طے شدہ قواعد وضوابط اور اعلی انتظامی معیار کے مطابق انجام دیے جا رہے ہیں تاکہ حق داروں اور اہل امیدواروں کو ہی موقع مل سکے۔

بقیہ 4

کے مطابق اس سے قبل 14 جولائی 2026 کو اورماڑہ کے علاقے منجی میں مکران کوسٹل ہائی وے پر ایک ریپل سینڈ فاکس سڑک حادثے میں ہلاک ہوگئی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ واقعہ بھی اس خطے میں اس نسل کی موجودگی کا ثبوت تھا۔ انہوں نے بتایا کہ اورماڑہ کا ساحلی علاقہ ماضی میں ریت کے وسیع ٹیلوں پر مشتمل تھا، جہاں ریپل سینڈ فاکس اور ریڈ فاکس سمیت جنگلی حیات کی مختلف اقسام پائی جاتی تھیں۔ تاہم، انسانی آبادی میں اضافے اور قدرتی ماحول میں مداخلت کے باعث جنگلی جانوروں کے مسکن اور انسانوں کے درمیان موجود قدرتی فاصلے کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ محمود سگار کے مطابق علاقے میں ریڈ فاکس اور گیدڑ بھی پائے جاتے ہیں، جبکہ بلینفورڈز فاکس نامی ایک اور نایاب لومڑی چٹانی اور پہاڑی علاقوں تک محدود ہے۔ انہوں نے ساحل پر دوسینڈ فاکس کے نشانات ملنے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ دریافت اس نسل کی بقا کی امید دلاتی ہے، تاہم اس کے تحفظ اور مسلسل نگرانی کے لیے فوری اقدامات ضروری ہیں۔ اسسٹنٹ کنزرویٹر وائلڈ لائف آواران زاہد الدین نے محمود سگار کی کاوشوں کو علاقے میں جنگلی حیات کے تحفظ اور سائنسی تحقیق کے لیے اہم قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس نوعیت کی تحقیقات نایاب جانوروں کی موجودگی اور ان کے قدرتی مسکن کی نشاندہی میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ وائلڈ لائف حکام نے اورماڑہ میں تعینات عملے کو ہدایت کی ہے کہ وہ محمود سگار کے ساتھ قریبی رابطہ برقرار رکھیں تاکہ مشترکہ کوششوں کے ذریعے نایاب ریت کی لومڑیوں کی نگرانی کی جاسکے اور ان کے قدرتی مسکن کو محفوظ بنانے کے لیے اقدامات کیے جاسکیں۔

بقیہ 5

تحقیقات کے مطابق منشیات مستونگ سے کوئٹہ اسمگل کی جارہی تھیں۔ گرفتار ملزم کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ اے این ایف کے مطابق ایمبولینس کو منشیات اسمگلنگ جیسے مجرمانہ فعل کیلئے استعمال کرنے کا رجحان بڑھ رہا ہے، جس سے ہنگامی حالات میں ایمبولینس کے درست استعمال پر بھی شکوک پیدا ہوتے ہیں۔ اس سے قبل اے این ایف نے سندھ کے علاقے شکارپور میں کارروائی کے دوران بلوچستان سے سندھ منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے ایمبولینس کے خفیہ خانوں سے منشیات برآمد کی تھیں۔ اے این ایف کے مطابق حالیہ کارروائی منشیات اسمگلنگ کے خلاف ادارے کے عزم کی عکاس ہے۔

بقیہ 6

ہے۔ تفصیلات کے مطابق زخمیوں کی شناخت نال، ضلع خضدار کے رہائشی قمبر ولد محمد قاسم اور عرفان ولد قمیصہ مینگل کے نام سے ہوئی ہے۔ اسپیڈ بوٹ کے عملے کے مطابق مبینہ طور پر کچھ عرصے سے مسلح افراد ان سے بھتے کا مطالبہ کر رہے تھے اور رقم ادا نہ کرنے کی صورت میں نقصان پہنچانے کی دھمکیاں بھی دے چکے تھے۔ عملے کے مطابق فائرنگ کا واقعہ اسی پس منظر میں پیش آیا، تاہم اس الزام کی آزادانہ تصدیق نہیں ہوسکی۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا۔ رکن بلوچستان اسمبلی اور ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے سیکیورٹی اداروں سے مکمل تحقیقات اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 7

ہوئے کہ ایک شخص افغانستان سے ڈکٹیشن دے رہا تھا۔ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد کے باہر میڈیا سے گفتگو میں نبیل گبول نے کہا کہ ایک غیر سنجیدہ شخص نے خیبر پختونخوا کی گورنمنٹ کو گرایا، مذاکرات سبوتاژ اس لیے ہوئے کہ ایک شخص افغانستان سے ڈکٹیشن دے رہا تھا۔ پی پی رہنما نے مزید کہا کہ ڈر کے مارے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف کارروائی نہیں ہونی چاہیے۔

بقیہ 8

بلکہ شہدا کے خاندانوں کے ساتھ کھڑا ہونے آیا ہوں، شہدا ہمارے ہیرو ہیں، انہیں سلام پیش کرتا ہوں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ شہدا کے اہل خانہ کو یقین دلاتا ہوں کہ ان کا خون رائیگاں نہیں جانے دیں گے شہدا کی قربانیوں کا متبادل نہیں دے سکتے، لیکن آپ کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، صوبے کے عوام، پاک فوج اور پولیس سمیت دیگر اداروں نے بے پناہ قربانیاں دی ہیں، آج ہم شہدا کی قربانیوں کی بدولت یہاں کھڑے ہی۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ دہشت گردی کا مقابلہ پوری سنجیدگی اور عزم کے ساتھ کرنا ہوگا، دہشت گردی کے خلاف جنگ ہم سب نے متحد ہو کر لڑنی ہے، محسن نقوی کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے پولیس کی استعداد بڑھانے کے لیے گاڑیاں فراہم کیں۔ انہوں نے کہا پورے صوبے کو پولیس کے ساتھ کھڑا ہونا ہوگا، صوبے کے ترقیاتی فنڈز ختم کر سکتے ہیں۔ پولیس کی تنخواہوں میں اضافہ، دوسرے صوبوں کی تنخواہوں کے برابر کر دیا ہے۔ گورنر کا کہنا تھا کہ تمام اداروں کے تعاون سے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے موثر حکمت عملی بنانا ہے، وفاقی وزیر داخلہ کا شکر گزار ہوں، وفاق صوبے کے ساتھ ہے۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے بعد پولیس کے شہدا پیکج میں اضافے سمیت بچوں کی تعلیم اور شادی کے لیے مالی معاونت کا بھی اعلان کر دیا گیا۔ گورنر کے پی کے نے کانسٹیبل سے ڈی آئی جی رینک شہید پیکج میں ایک کروڑ سے ڈیڑھ کروڑ روپے اضافے کا اعلان کیا جبکہ شہدا کے خاندانوں کے لئے گھر خریدنے کے لیے کیش پیکج کا اعلان بھی کیا۔ گورنر نے پولیس اہلکاروں کے بچوں یا والدین کو قتل کرنے پر بھی مالی معاونت کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ 50 لاکھ روپے فیملی افراد کو ٹارگٹ کرنے پر دیں گے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کے پی پولیس کو پنجاب طرز کا پیکج دینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ پولیس شہدا کی بچیوں کو شادی پر 10 لاکھ روپے دیے جائیں گے۔ گورنر ہاس میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے پولیس شہدا میں پلاٹ لیٹرز تقسیم کیے۔ بنوں، لکی مروت اور صوبے کے دیگر اضلاع میں شہید پولیس جوانوں کے اہل خانہ کو پلاٹ لیٹرز دیئے گئے۔

بقیہ 9

حتمی شکل دینے پر اتفاق ہوا، علاوہ ازیں سائبر کرائم کی روک تھام، اینٹی نارکوٹکس فورس اور دونوں ممالک کی پولیس اکیڈمیز کے مابین اشتراک کار بڑھانے پر بھی مکمل ہم آہنگی ظاہر کی گئی، طے پایا کہ دونوں ممالک کی وزارت داخلہ کے ورکنگ گروپس جلد ایک دوسرے کے ملک کے دورے کریں گے۔ مذاکرات میں پاکستان سے روس ہنر مند افرادی قوت بھیجنے کے ساتھ ساتھ سیاحوں اور بزنس کمیونٹی کے لیے ویزا کے حصول کو آسان بنانے پر بھی سیر حاصل تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ منظم جرائم کی روک تھام کا معاہدہ باہمی تعاون کے فروغ میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ ویزا رجیم میں آسانی سے دونوں ممالک کے عوام کے درمیان روابط مزید مضبوط ہوں گے، پاکستان بالخصوص سائبر کرائم کے سدباب کیلئے روس کے تجربات اور جدید تکنیک سے استفادہ کرنا چاہتا ہے، اس وقت 1,300 کے قریب پاکستانی طلبا روس میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں، اور ہماری خواہش ہے کہ اعلی تعلیم کیلئے مزید پاکستانی طلبا روس جائیں۔ روس کے وزیر داخلہ ولادیمیر کولاکولتسیف نے مشترکہ اقدامات کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی، منشیات کی سمگلنگ اور غیر قانونی مائیگریشن جیسے سنگین مسائل اور تمام منظم جرائم کی روک تھام کے لئے مشترکہ اقدامات انتہائی ضروری ہیں، روس نے موثر اور جامع اقدامات کے ذریعے اپنے ملک میں سائبر کرائم کی شرح میں 33 فیصد تک کمی حاصل کی ہے اور اس سلسلے میں پاکستان کے ساتھ تعاون کیلئے تیار ہے۔ ملاقات اور وفود کی سطح کے مذاکرات میں وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری، پاکستان میں روس کے سفیر، سپیشل و ایڈیشنل سیکرٹریز داخلہ، ڈی جی ایف آئی اے، کمانڈنٹ نیشنل پولیس اکیڈمی، آئی جی ایف سی، ڈی جی نیشنل فرانزک ایجنسی، ڈی جی این سی سی آئی اے، ڈی جی پاسپورٹ، چیف کمشنر، آئی جی اسلام آباد پولیس اور دیگر اعلی حکام بھی موجود تھے۔

بقیہ 10

الیکشن کمیشن کے اعلامیے کے مطابق چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی زیر صدارت اجلاس ہوا، جس میں کمیشن کے ارکان، سیکرٹری الیکشن کمیشن اور دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ اسلام آباد میں حلقہ بندیوں کا عمل 21 جولائی 2026 کو شروع کیا گیا تھا، جو مکمل ہو چکا ہے، جبکہ حتمی فہرستیں آج شائع کردی گئی ہیں۔ اعلامیے کے مطابق الیکشن کمیشن نے اسلام آباد لوکل گورنمنٹ رولز سے متعلق اپنی تجاویز 20 جولائی 2026 کو وزارت داخلہ کو بھجوا دی تھیں، تاکہ سفارشات کے مطابق قانون سازی کر کے قواعد شائع کیے جاسکیں۔ اس سلسلے میں ضروری قانون سازی کی منظوری متعلقہ قائمہ کمیٹی نے 3 ستمبر 2026 کو دی، تاہم قانون سازی مکمل ہونے سے پہلے ہی 6 ستمبر 2026 کو اسلام آباد لوکل گورنمنٹ ترمیمی آرڈیننس 2026 کی مدت ختم ہوگئی۔ الیکشن کمیشن کے مطابق آرڈیننس کی میعاد ختم ہونے کے بعد وزارت قانون وانصاف نے مسودہ قواعد وزارت داخلہ کو واپس کردیا، کیونکہ آرڈیننس کے تحت قواعد بنانے والی اتھارٹی موجود نہیں رہی تھی۔ اس صورتحال کے پیش نظر کمیشن نے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق معاملہ باقاعدہ سماعت کے لئے مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ سیکرٹری وزارت داخلہ اور چیف کمشنر اسلام آباد کو نوٹس جاری کر کے معاونت طلب کی جائے گی کہ ترمیمی آرڈیننس کی مدت ختم ہونے اور وفاقی حکومت کی جانب سے قانون سازی نہ کیے جانے کے باعث کیوں نہ اسلام آباد لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2015 کے تحت انتخابات کرائے جائیں۔ الیکشن کمیشن کا ارادہ ہے کہ باقاعدہ سماعت کے بعد پرانے بلدیاتی قانون کے تحت انتخابی شیڈول جاری کیا جائے۔

بقیہ 11

پر 30 روز کے لئے پابندی عائد کر دی گئی۔ جاری اعلامیے کے مطابق ڈیرہ اسماعیل خان میں موٹر سائیکل کی ڈبل سواری، اسلحے کی نمائش اور سڑکوں پر خیمے لگانے پر بھی پابندی عائد ہوگی۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق دفعہ 144 کا نفاذ 13 اکتوبر سے 11 نومبر تک جاری رہے گا، پابندیوں کا مقصد ضلع میں امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنا ہے۔ اعلامیے میں واضح کیا گیا ہے کہ دفعہ 144 کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف تعزیرات پاکستان کی دفعہ 188 کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ دوسری جانب ڈیرہ اسماعیل خان میں دو گروپوں میں فائرنگ کے واقعے میں 5 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ڈی پی او ڈی آئی خان ضیا الدین احمد کا کہنا ہے کہ علاقہ ملانہ میں دو گروپوں میں فائرنگ کے واقعے میں 4 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔ ضیا الدین احمد نے کہا کہ فائرنگ کا واقعہ والی بال میچ کے بعد واپسی پر پیش آیا، فائرنگ کے واقعے میں 5 افراد جان کی بازی ہار گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ زخمیوں کو ڈی ایچ کیو ٹیچنگ اسپتال منتقل کیا گیا ہے جبکہ واقعے کی تحقیقات بھی جاری ہیں۔

بقیہ 12

قرارداد پیش کردی گئی، اپوزیشن نے احتجاج کرتے ہوئے قرارداد کی مخالفت کی۔ سینیٹر عابد شیر علی نے کہا کہ ایک مجرم کی تصویر کیسے ایوان میں یہ لگا سکتے ہیں، جس پر سینیٹر فلک ناز چترالی نے جواب دیا کہ آپ ہمارے دل سے کیسے نکالیں گے۔ سینیٹر ہمایوں مہمند نے کہا کہ میری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں، میں بانی پی ٹی آئی سے ملاقات اور ان کا علاج چاہتا ہوں۔

بقیہ 13

مولانا! اگر آپ روزانہ کی بنیاد پر اسمبلی اجلاس میں حکومت کی بیٹری چارج کرتے رہیں گے تو ایک دن حکومت ضرور حرکت میں آجائے گی۔ اسپیکر کے اس جملے پر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے برجستہ جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت کی پالیسی بھی چین کی بیٹری کی طرح ہے، جو کبھی صحیح طرح چارج نہیں ہوگی۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کے اس جواب پر ایوان میں قہقہے گونج اٹھے اور اجلاس کا ماحول خوشگوار ہوگیا۔ حکومت کی کارکردگی پر ہونے والی یہ دلچسپ جملے بازی اجلاس کی توجہ کا مرکز بن گئی۔

بقیہ 14

لیبر فیڈریشن، ایگریکلچر ایم ایم ڈی اور پیرامیڈیکل فیڈریشن کے نمائندوں نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے محراب خان نچگ نے کہا کہ ملازمین کے جائز مسائل کے حل کے لیے اتحاد، یکجہتی اور مشترکہ جدوجہد ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ رابطہ کمیٹی ضلع سبی کی دیگر ملازم تنظیموں سے رابطے کر کے انہیں مشترکہ پلیٹ فارم میں شامل ہونے کی دعوت دے گی، جس کے بعد تمام تنظیموں کی مشاورت سے باقاعدہ ضلعی سیٹ اپ تشکیل دیا جائے گا۔

بقیہ 15

ایمرجنسی نافذ کرنے کا اعلان کیا، آئین کے آرٹیکل 232 کے تحت خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کی توثیق کی جائے۔ چیئرمین سینیٹ کی ووٹنگ کے بعد قرارداد منظور کرلی گئی۔ ایوان بالا میں قرارداد کی منظوری پر اپوزیشن نے شدید احتجاج کیا، اپوزیشن لیڈر علامہ ناصر عباس نے ڈائس کے سامنے قرارداد کی کاپی پھاڑ دی، ایوان بالا مچھلی منڈی بن گیا، اپوزیشن اور حکومتی ارکان کے درمیان جھڑپیں ہوئیں، پی ٹی آئی ارکان ایوان سے واک آؤٹ کر گئے۔

بقیہ 16

کارروائیاں قابلِ ستائش ہیں۔

بقیہ 17

گیا۔ اس موقع پر سکندر خان شیرپاؤ نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ آفتاب احمد خان شیرپاؤ کے گورنر خیبر پختونخوا بننے سے متعلق خبروں میں کوئی حقیقت نہیں۔

بقیہ 18

دلچسپی کے تمام شعبوں، بالخصوص تجارت، سرمایہ کاری اور عوامی روابط میں تعاون مزید گہرا کرنے کے لیے اعلی سطح کے مسلسل روابط کی اہمیت پر زور دیا۔ بدھ کو ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ کے درمیان ملاقات پاکستان عمان مشترکہ وزارتی کمیشن کے آٹھویں اجلاس سے قبل خوشگوار ماحول میں ہوئی۔ دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی صورت حال پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے پائیدار امن و استحکام کے فروغ کے لیے مکالمے اور سفارت کاری کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ عمان کے وزیر خارجہ نے علاقائی امن وسلامتی کے فروغ کے لیے پاکستان کی کوششوں کو سراہا جبکہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے بھی علاقائی امن و استحکام کے لیے عمان کے تعمیری کردار اور مشترکہ امنگوں کی تعریف کی۔

بقیہ 19

گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا، اسلام آباد اور بالائی و وسطی پنجاب کے مختلف علاقوں میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کشمیر کے بالائی علاقوں میں بعض مقامات پر ژالہ باری جبکہ چند مقامات پر موسلا دھار بارش بھی متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق ملک کے دیگر حصوں، خصوصاً سندھ میں موسم زیادہ تر خشک اور دن کے اوقات میں گرم رہنے کا امکان ہے، بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں بھی موسم خشک رہے گا، تاہم خضدار، ژوب، بارکھان اور موسیٰ خیل میں مطلع جزوی طور پر ابر آلود رہ سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کشمیر میں گڑھی دوپٹہ میں 24 ملی میٹر، مظفر آباد شہر میں 22، مظفر آباد ایئرپورٹ پر 15 اور کوٹلی میں 2 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 20

اردو وانگریزی زبانوں میں اپنی تقریری صلاحیتوں، علمی استعداد اور انداز بیان کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ اس علمی و ادبی سرگرمی میں طلبہ نے مختلف موضوعات پر اپنے خیالات پیش کرتے ہوئے حاضرین کی توجہ حاصل کی، جبکہ مقابلے کے انعقاد کا مقصد طلبہ میں خود اعتمادی، اظہار خیال کی صلاحیت اور مثبت مسابقت کے جذبے کو فروغ دینا تھا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈاکٹر محمد حیات بگٹی تھے، جو ماڈل اسکولوں کے منصوبے کے ڈپٹی ڈائریکٹر ہیں۔ اس موقع پر مختلف تعلیمی اداروں کے معزز سربراہان، پرنسپلز اور اساتذہ کرام نے بھی خصوصی شرکت کی۔ مقررین اور شرکاء نے اس طرح کی تعلیمی سرگرمیوں کو طلبہ کی ذہنی وفکری تربیت، زبان و بیان پر عبور اور شخصیت سازی کے لیے نہایت اہم قرار دیا۔ تقریری مقابلے کے منصفین کے فرائض نعیم شاہ زیارل، فدا محمد، پروفیسر نجیب اللہ اور پروفیسر احمد شیر راحل نے انجام دیے۔ منصفین نے طلبہ کی تقاریر کا جائزہ لیتے ہوئے ان کے موضوع پر عبور، الفاظ کے درست استعمال، تلفظ، انداز بیان، دلائل اور خود اعتمادی کو مدنظر رکھا اور نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کو پوزیشنوں کے لیے منتخب کیا۔

بقیہ 21

کے نتیجے میں آگ بھڑک اٹھی۔ گلف نیوز کے مطابق سعودی دارالحکومت ریاض میں فضائی دفاعی نظام کی جانب سے دو حوثی کروز میزائلوں کو روکنے کے بعد ان کا ملبہ رہائشی علاقوں میں گرا جس میں 4 افراد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں میں دو خواتین، ایک مرد اور ایک بچہ شامل ہیں۔ سعودی شہری دفاع کے مطابق واقعے میں تقریباً 15 رہائشی مکانات کو بھی نقصان پہنچا۔ حکام نے بتایا کہ یہ واقعہ ایسے وقت پیش آیا جب سعودی عرب میں اہم تنصیبات اور ہوائی اڈوں کو نشانہ بنانے کے دعووں کے بعد سیکیورٹی خدشات بڑھ گئے ہیں۔ حوثی فوجی ترجمان یحییٰ سریع نے خبردار کیا ہے کہ ان کارروائیوں میں بڑی تعداد میں بیلسٹک میزائل، کروز میزائل اور ڈرون استعمال کیے گئے۔ آنے والے دنوں میں سعودی عرب کے ہوائی اڈوں اور تیل کی تنصیبات کے خلاف مزید حملے کیے جاسکتے ہیں۔

بقیہ 22

انتخابات سے قبل ریپبلکن امیدواروں کی حمایت میں مہم چلا رہے تھے۔ ٹرمپ نے اپنے حامیوں سے خطاب میں کہا کہ انتظار کریں اور دیکھیں کہ امریکا ایران کے خلاف کیا اقدامات کرتا ہے۔ ان کے الفاظ میں، امریکا ایران کے معاملے پر اب بہت حد تک فیصلہ کرچکا ہے جبکہ ایرانی حکام بھی انتظار کر رہے ہیں۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ ان کے نزدیک سب سے اہم بات یہ ہے کہ ایران کو جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرنے دیے جائیں گے۔

بقیہ 23

ایران کے جوہری پروگرام سے متعلق اسرائیلی انٹیلی جنس کی اطلاعات پر تشویش ظاہر کی، اسرائیل کو ایران کی ممکنہ یورینیم افزودگی کی تنصیب پک ایکس ماؤنٹین کے بارے میں بھی خدشات ہیں۔ ایگزیوس کے مطابق امریکی صدر نے ایران پر دوبارہ حملوں کے معاملے پر تاحال کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا، امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ اور سینٹرل کمانڈ کے بعض عہدیدار ایران پر دوبارہ حملوں کے حامی ہیں، صدر ٹرمپ کے کئی مشیر فی الحال معاشی پابندیاں جاری رکھنے کے حق میں ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ اسرائیلی فوج کے سربراہ ایال زمیر اور امریکی جوائنٹ چیفس چیئرمین ڈین کین کے درمیان بھی ایران پر حملوں سے متعلق بات چیت ہوئی۔ وائٹ ہاؤس نے ایگزیوس کی رپورٹ کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ صدر ٹرمپ وسط مدتی انتخابات سے پہلے ایران پر حملہ نہ کرنے کا موقف دے چکے ہیں۔

بقیہ 24

سے زائد خام تیل کی ترسیل میں معاونت فراہم کی۔

بقیہ 25

مطابق چلائے جانے چاہئیں اور سیاسی مسائل کا حل غیر جمہوری اقدامات کے بجائے آئینی و جمہوری طریقوں سے نکالا جانا چاہیے گورنر راج اور ایمرجنسی پر خاموش نہیں رہیں گے پی ٹی آئی کے تمام مطالبات آئینی اور جائز ہے مطالبات کی مکمل حمایت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ژوب پولیس نے پرامن احتجاج میں رکاوٹ پیدا کرنے کی کوشش کی جو قابل مذمت اقدام ہے، ہم اپنے جمہوری اور آئینی جدوجہد سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گے مظاہرے کے شرکاء نے گورنر راج ایمرجنسی اور وفاقی حکومت کے خلاف اور بانی پی ٹی آئی عمران خان سمیت خیبر پختونخوا کی حکومت کے حق میں نعرے بازی کی۔

بقیہ 26

زور دیا کہ طویل عرصے سے بلوچستان میں مقیم افراد کے مسائل کو نظرانداز کرنے کے بجائے متعلقہ قوانین اور ضابطوں کی روشنی میں ان کے حل کی راہ نکالی جائے، تاکہ اہل افراد کو ان کے جائز حقوق مل سکیں۔ اس موقع پر اسپیکر بلوچستان اسمبلی نے معاملے کو قانونی نوعیت کا قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کا جائزہ لینا ضروری ہے، جبکہ شیخ زرک خان مندوخیل کو ہدایت کی کہ وہ اس معاملے کو باقاعدہ قرارداد کی صورت میں ایوان میں پیش کریں تاکہ اس پر قانونی تقاضوں کے مطابق غور کیا جاسکے۔

بقیہ 27

کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے علاقائی امن واستحکام کے لیے پاکستان کی خدمات کو سراہا اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور قربانیوں کا اعتراف کیا۔

بقیہ 28

کبدانی لبزانکی دیوان اکیڈمی خاران کا دورہ کرنے کی باضابطہ دعوت بھی دی تاکہ وہ اکیڈمی کی سرگرمیوں اور مقامی سطح پر زبان وادب کی پیش رفت کا خود جائزہ لے سکیں۔ ایڈیشنل کمشنر رخشان ڈویژن ظفر گویا نے وفد کی آمد اور نیک تمناؤں پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ادبی اور ثقافتی سرگرمیاں کسی بھی معاشرے کی مثبت قدروں کی امین ہوتی ہیں اور مقامی زبان وادب کے فروغ کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ ملاقات کے دوران نصیر کبدانی لبزانکی دیوان کی جانب سے شائع کردہ معیاری کتب کا ایک تحفہ (سیٹ) ایڈیشنل کمشنر رخشان ڈویژن ظفر گویا کو پیش کیا گیا۔

بقیہ 29

الگ الگ ملاقاتیں کیں، جن میں علاقائی سلامتی، پیشہ ورانہ روابط اور دوطرفہ دفاعی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق برازیلی وفد نے نیول ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا، جہاں ایڈمرل نوید اشرف سے ملاقات میں علاقائی بحری سلامتی اور پاکستان و برازیل کے درمیان بحری تعاون بڑھانے کے امکانات پر گفتگو ہوئی۔ ملاقات کے دوران پیشہ ورانہ تربیتی پروگرامز، باہمی دوروں اور مشترکہ بحری مشقوں کے ذریعے دونوں ممالک کی بحری افواج کے درمیان تعاون کو مزید مستحکم بنانے پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر برازیلی ایڈمرل رینالٹو روڈریگز ڈی اگویار فریرے نے پاکستان نیوی کے ریجنل میری ٹائم سیکیورٹی پیٹرولز اقدام اور علاقائی استحکام کے لیے پاک بحریہ کے کردار کو سراہا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق برازیلی وفد نے ایئر ہیڈکوارٹرز کا بھی دورہ کیا، جہاں سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات ہوئی۔ اس موقع پر وفد کو پاک فضائیہ کی جدید کاری اور دفاعی صلاحیتوں کو مقامی سطح پر فروغ دینے کے اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ ملاقات میں خلائی ٹیکنالوجی، سائبر صلاحیتوں، مصنوعی ذہانت اور الیکٹرانک وارفیئر سمیت جدید دفاعی شعبوں کو پاک فضائیہ کے نظام میں شامل کرنے پر بھی روشنی ڈالی گئی۔ برازیلی ایڈمرل نے پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ مہارت اور آپریشنل صلاحیتوں کو سراہا۔ دونوں ملاقاتوں میں پاکستان اور برازیل نے پیشہ ورانہ تبادلوں، ادارہ جاتی روابط اور دوطرفہ دفاعی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 30

کے باعث پیش آیا، تحقیقات شروع کردی گئی ہے، ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 31

ڈی این اے رپورٹ میں 3 مقامات پر فیصل اصغر کی نشاندہی ہوئی ہے۔ حنا جاوید کے اہلِ خانہ نے مزید الزام عائد کیا ہے کہ قتل کا تمام تر الزام گھریلو ملازم پر ڈالنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

بقیہ 32

کے لیے تمام امور طے شدہ قواعد وضوابط اور اعلی انتظامی معیار کے مطابق انجام دیے جا رہے ہیں تاکہ حق داروں اور اہل امیدواروں کو ہی موقع مل سکے۔

بقیہ 33

کی مسیحی برادری بلکہ پوری قوم ان کی صحت یابی کے لیے دعا گو ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہمدردی، امن اور انسانی وقار کے حوالے سے ان کا پرعزم پیغام پاکستان سمیت دنیا بھر کے عوام کے دلوں میں گہری اہمیت رکھتا ہے، ہم دعا گو ہیں کہ وہ نئی توانائی اور عزم کے ساتھ انسانیت کی گراں قدر خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں۔

بقیہ 34

جس میں انہوں نے کہا تھا کہ فیئر فورڈ ایئربیس کو نشانہ بنانے کی مبینہ سازش کا ایران میں مربوط ہونا انتہائی ممکن ہے۔ یہ ایئربیس امریکی بمبار طیاروں کے استعمال میں رہی ہے، جنہوں نے ایران پر حملے کیے تھے۔ تاہم تہران نے اس مبینہ سازش سے کسی بھی قسم کے تعلق کی تردید کی ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق مغربی یورپ سے متعلق امور کے ڈائریکٹر جنرل نے برطانوی سفیر سے ملاقات میں مطالبہ کیا کہ برطانوی حکومت ایران کے خلاف الزامات کی حمایت میں دستاویزات اور شواہد جلد از جلد فراہم کرے۔ ایرانی عہدیدار نے خبردار کیا کہ اگر برطانیہ نے مبینہ واقعے سے متعلق شواہد فراہم نہ کیے تو اسلامی جمہوریہ ایران دونوں ملکوں کے دوطرفہ تعلقات پر سنجیدگی سے نظرثانی کرے گا۔ فی الحال برطانوی حکومت کی جانب سے ایرانی مطالبے کے جواب یا شواہد فراہم کرنے کے حوالے سے مزید تفصیلات سامنے نہیں آئی ہیں۔ اس معاملے نے تہران اور لندن کے درمیان سفارتی کشیدگی میں اضافے کے خدشات پیدا کردیئے ہیں۔

بقیہ 35

تعز اور بحیرہ احمر کے ساحلی علاقوں میں طبی عملے کو اسلحے سے زخمی ہونے والے مریضوں کی غیر معمولی تعداد کا سامنا ہے۔ انسانی ہمدردی کے ادارے کے مطابق بعض طبی مراکز میں صرف ایک ہفتے کے دوران 700 سے زیادہ زخمیوں کو داخل کیا گیا، جس سے محدود طبی وسائل پر دباؤ مزید بڑھ گیا ہے۔ اقوام متحدہ کی بین الاقوامی تنظیم برائے مہاجرت (آئی او ایم) کے مطابق یمن میں حالیہ ہفتوں کے دوران لڑائی دوبارہ شروع ہونے کے بعد دو لاکھ سے زیادہ افراد اپنے گھروں سے نقل مکانی کر چکے ہیں۔ حالیہ جھڑپوں کا تعلق ایران کے حمایت یافتہ حوثی گروپ اور سعودی عرب کی حمایت یافتہ یمنی حکومتی فورسز کے درمیان دوبارہ شروع ہونے والی لڑائی سے ہے۔ مختلف محاذوں پر جاری جھڑپوں نے شہری آبادی اور طبی سہولتوں کے لیے مشکلات میں اضافہ کردیا ہے۔ یمن کا صحت کا نظام طویل عرصے سے جاری تنازع، محدود وسائل اور طبی سہولتوں کی مشکلات کے باعث پہلے ہی کمزور ہے۔ زخمیوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے باعث اسپتالوں کو علاج، بستروں اور دیگر طبی وسائل کی دستیابی کے حوالے سے اضافی مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ ریڈکراس کی تنبیہ یمن میں بگڑتی ہوئی انسانی صورت حال کی نشاندہی کرتی ہے، جہاں ایک طرف بڑی تعداد میں لوگ بے گھر ہو رہے ہیں اور دوسری جانب جنگی زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کرنا مشکل ہوتا جارہا ہے۔

بقیہ 36

سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے کہا کہ 2 روز قبل 2 غریب بھائیوں کی لاشیں پھینکی گئی ہیں، جنہیں بی ایل اے کی طرف سے اغوا کر کے قتل کیا گیا۔ انہوں نے شدید غصے اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سوال اٹھایا کہ " کیا یہ بلوچ نہیں تھے؟ کس بنیاد پر تم نے ان غریب برزگر (کسانوں) کو شہید کیا؟ " انہوں نے مزید کہا کہ این 25 شاہراہ پر پلیں اڑانے سے قومی اور عوام کا نقصان ہو رہا ہے اور اس سے اس شاہراہ پر سفر کرنے والے عام مسافر اور شہری شدید مشکلات کا شکار ہو رہے ہیں۔ سردار عبدالرحمٰن کھیتران کی بات کی تائید کرتے ہوئے اور 2 بھائیوں کی شہادت کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے صوبائی وزیر علی مدد جتک نے ایوان میں کہا کہ یہ لوگ بلوچ نہیں ہیں بلکہ دہشت گرد ہیں، اور انہیں دہشت گرد ہی کہا جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ عناصر باہر کے ٹکڑوں پر پل رہے ہیں اور ملک وصوبے کی سلامتی کے دشمن ہیں۔ صوبائی وزیر نے زور دے کر کہا کہ ان دہشت گردوں کا صفایا کرنے کے لیے ہم سب کو اپنی ریاست کے ساتھ کھڑا رہنا چاہیے اور ان کے خلاف مکمل متحد ہونا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔

بقیہ 37

تھے کہ ان کی گاڑی کو حادثہ پیش آیا۔ تینوں افراد عارف والا کے محلہ اقبال نگر کے رہائشی تھے۔ ذرائع کے مطابق تینوں کی میتیں پاکستان منتقل کرنے کی تیاریاں کی جارہی ہیں۔

بقیہ 38

جنرل محمد منیر افسر نے رکن قومی اسمبلی واجہ پھلین بلوچ کے نام مراسلے میں آگاہ کیا ہے کہ ان کی تجویز پر ضلع کیچ اور پنجگور کے پانچ مقامات، آبسر، شاہی تمپ، کلگ، وشبود اور عیسیٰ میں نادرا رجسٹریشن مراکز کے قیام کو قابلِ عمل قرار دیتے ہوئے انہیں آئندہ مالی سال کے منصوبے میں شامل کرلیا گیا ہے۔ مراسلے کے مطابق ان مراکز کے قیام اور انہیں فعال بنانے کا عمل متعلقہ مقامات پر عمارتوں کی بروقت دستیابی سے مشروط ہوگا۔ چیئرمین نادرا نے عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مراکز کے قیام اور انہیں جلد فعال بنانے کے لیے بھرپور کوششیں کی جائیں گی۔ ان مراکز کے قیام سے پنجگور اور کیچ کے متعلقہ علاقوں کے شہریوں کو شناختی کارڈ اور دیگر رجسٹریشن خدمات اپنے علاقوں کے قریب حاصل کرنے میں سہولت ملنے کی توقع ہے، جس سے انہیں ان خدمات کے حصول کے لیے دور دراز علاقوں کا سفر بھی کم کرنا پڑے گا۔ واجہ پھلین بلوچ نے چیئرمین نادرا کے مراسلے کی نقل ضلع کونسل پنجگور کے چیئرمین عبدالمالک صالح کے حوالے کی، جنہوں نے اس پیش رفت پر واجہ پھلین بلوچ کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 39

نقد، 7 اسمارٹ ڈیوائسز اور موبائل فونز جبکہ مختلف بینکوں کی چیک بکس برآمد کی گئیں۔ ترجمان کے مطابق موبائل فونز میں مبینہ طور پر ہنڈی حوالہ نیٹ ورک سے متعلق واٹس ایپ چیٹس، ڈیجیٹل لیجرز اور مالی لین دین کے شواہد موجود ہیں۔ برآمد ہونے والی رقم، موبائل فونز اور دیگر ریکارڈ کو ضبطی میمو کے تحت تحویل میں لے لیا گیا ہے۔ ایف آئی اے حکام کا کہنا ہے کہ معاملے میں ملوث دیگر افراد، مالی لین دین کے ذرائع اور ممکنہ سہولت کاروں کا سراغ لگانے کے لیے مزید تحقیقات جاری ہیں۔ ملزمان کے خلاف فارن ایکسچینج ریگولیشن ایکٹ اور دیگر متعلقہ قوانین کے تحت مقدمہ درج کرنے کی کارروائی بھی جاری ہے۔

بقیہ 40

دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ منشیات چاکلیٹ کی طرح فروخت ہو رہی ہیں، مگر حکومت اور متعلقہ ادارے اس کے تدارک کے لیے مؤثر اقدامات نہیں کر رہے۔ ایوان میں بیٹھے لوگ خوش ہیں کہ وہ حکومت کر رہے ہیں، لیکن سوال یہ ہے کہ حکومت ایسے کی جاتی ہے؟ مولانا ہدایت الرحمٰن نے خواتین کے اغوا اور قتل کے واقعات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں رشتوں کے تنازعات پر بچیوں کو اغوا کیا جاتا ہے، جبکہ اسما جتک کے والد کے قاتل بھی تاحال گرفتار نہیں ہوسکے۔ انہوں نے کہا کہ بااثر افراد کے ملوث ہونے کے الزامات پر بھی سنجیدگی سے کارروائی ہونی چاہیے اور ایسے واقعات میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ صوبائی وزیر علی مدد جتک نے اسما جتک کے واقعے اور قلات میں لائبہ نیچاری کے اغوا کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ خضدار کے واقعے میں نامزد ظہور اور اس کے دو ساتھی کہاں ہیں؟ واقعے کی ایف آئی آر بھی درج ہوئی ہے، اس لیے آئی جی پولیس سے پوچھا جائے کہ نامزد ملزمان کے خلاف اب تک کیا کارروائی کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہم ظالم کے خلاف آواز نہیں اٹھائیں گے تو اللہ تعالیٰ کے سامنے جواب دہ ہونا پڑے گا۔ علی مدد جتک نے مزید کہا کہ ماضی میں بعض سردار اور نواب افسران کو اپنے علاقوں سے نکال دیتے تھے، لیکن آج وہ خود اپنے علاقوں سے بے دخل ہوئے ہیں۔ بلوچستان میں پیدا ہونے والی بدامنی کی وجوہات میں سرداری اور نوابی نظام کا کردار بھی شامل ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ خواتین کے اغوا اور دیگر واقعات میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔ اس موقع پر اسپیکر بلوچستان اسمبلی نے خضدار اور قلات میں پیش آنے والے واقعات کی رپورٹس طلب کرنے کی رولنگ دیتے ہوئے متعلقہ ڈی آئی جیز کو ایف آئی آرز سمیت ذاتی حیثیت میں طلب کرنے کی ہدایت کی، تاکہ واقعات کی تفصیلات اور پولیس کی جانب سے کی گئی کارروائی کا جائزہ لیا جاسکے۔ رکن اسمبلی ہینا مجید بلوچ نے خواتین کے ساتھ پیش آنے والے واقعات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بطور رکن اسمبلی انہیں صوبے کی بہنوں کے ساتھ ہونے والے ظلم پر شدید دکھ ہوتا ہے۔ قلات، خضدار اور جھالاوان کے علاقوں میں خواتین کے ساتھ پیش آنے والے واقعات تشویشناک ہیں۔ انہوں نے اسما جتک کے اغوا اور ان کے خاندان کے تین افراد کی شہادت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی بیٹیاں خود کو تنہا نہ سمجھیں، اسمبلی ان کی آواز بنے گی اور ظلم کے خلاف آواز بلند کی جائے گی۔ رکن اسمبلی جہانزیب مینگل نے کہا کہ وہ ہر قسم کے ظلم کی مخالفت کریں گے، تاہم سنگین جرائم میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کے معاملے میں یکساں معیار ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جس روز ڈی آئی جیز کو طلب کیا جائے، انہیں بھی بلایا جائے، وہ ثبوت کے ساتھ ایوان میں اپنا موقف پیش کریں گے۔ اجلاس کے دوران رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے صوبے میں طویل عرصے سے آباد افراد کا معاملہ اٹھاتے ہوئے کہا کہ یہاں کئی سالوں سے رہنے والے بھائیوں کو سیٹلر کہنے کے بجائے ان کے قانونی حقوق کا جائزہ لیا جائے اور اہل افراد کو لوکل سرٹیفکیٹ جاری کیے جائیں۔ اسپیکر نے اس معاملے کو قانونی قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کا جائزہ لینا ہوگا اور رکن اسمبلی اس حوالے سے قرارداد پیش کریں۔ دریں اثنا، ایوان میں آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی جانب سے موصولہ کلائمٹ چینج، انوائرنمنٹ اینڈ ڈیزاسٹر منیجمنٹ آرگنائزیشن بلوچستان کی مالی سال 2025-26 کی آڈٹ رپورٹ اور کچھ ڈیلی ایکشن ڈیم سے متعلق آڈٹ رپورٹ پیش کی گئیں، جنہیں مزید کارروائی کے لیے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے سپرد کردیا گیا۔ اجلاس میں ارکان اسمبلی نے اس امر پر زور دیا کہ صوبے میں امن و امان کی بہتری، منشیات کی روک تھام اور خواتین کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں، جبکہ اغوا اور قتل کے واقعات میں ملوث ملزمان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 41

ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ عوام کے بنیادی مسائل بالخصوص امن و امان کے بحران کی طرف فوری توجہ دے اور ان کا پائیدار حل نکالے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ قلعہ عبداللہ ماضی میں افیون کی کاشت کے حوالے سے بدنام تھا، تاہم حکام کی جانب سے سنجیدہ اقدامات نہ کرنے کی وجہ سے اب یہ لعنت دیگر علاقوں تک بھی پھیل چکی ہے اور ضلع میں آئے روز کوئی نہ کوئی افسوسناک واقعہ رونما ہو رہا ہے۔ انجینئر زمرک خان اچکزئی نے ایوان کو بتایا کہ ان کے حلقے میں اس وقت بھی 3 پولیس افسران اور 200 اہلکاروں کی آسامیاں خالی پڑی ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پولیس کی بھرتی کے عمل کو آسان بنایا جائے جبکہ منشیات کے خلاف کارروائیوں کو مزید سخت کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ قلعہ عبداللہ کے عوام کو امن چاہیے اور اس مقصد کے لیے فوری اور سنجیدہ اقدامات کی اشد ضرورت ہے، کیونکہ قلعہ عبداللہ میں امن بحال ہونے سے پورے پشتون بیلٹ میں پائیدار امن قائم ہوسکتا ہے۔ رکنِ صوبائی اسمبلی نے مزید کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ عوام کا اعتماد بحال کرے اور جو عناصر قانون و آئین کو اپنے ہاتھ میں لینے کی کوشش کرتے ہیں، ان تمام کے خلاف بلاتفریق سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ قلعہ عبداللہ، چمن، زیارت اور گرد ونواح کے علاقوں میں امن و امان کی ابتر صورتحال کے باعث اب حالات اتنے خراب ہو چکے ہیں کہ لوگ وہاں جانے سے بھی کتراتے ہیں۔

بقیہ 42

منسوخ یا نان آپریشنل رپورٹ ہوئیں جبکہ 77 میں تاخیر ہوئی۔ ریاض ایئرپورٹ کی بندش سے بدھ کے روز بھی پاکستان سے ریاض کی 28 پروازیں منسوخ ہیں جبکہ ریاض ایئرپورٹ 17 اکتوبر کی رات 12 بجے تک کیلئے بند ہے۔ ادھر پی آئی اے نے ملتان سے ریاض کی پرواز پی کے 765 متبادل ایئرپورٹ کیلئے روانہ کی، کراچی سے جدہ کی 2، سیالکوٹ اور ملتان سے دمام کی ایک، ایک پرواز منسوخ اور لاہور مدینہ کی پروازوں ایس وی 724، 725 میں 5 گھنٹے تاخیر کا شکار ہوگئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق لاہور سے اسکردو کی 4 پروازوں میں ڈھائی سے 3 گھنٹے تک تاخیر ہوئی جبکہ کراچی سے لاہور کی 5 پروازوں میں 3 سے 8 گھنٹے تک اور کراچی سے اسلام آباد کی 7 پروازوں میں 1 سے 5 گھنٹے تک تاخیر کا شکار ہوگئیں۔

بقیہ 43

کے مطابق اس سے قبل 14 جولائی 2026 کو اورماڑہ کے علاقے منجی میں مکران کوسٹل ہائی وے پر ایک ریپل سینڈ فاکس سڑک حادثے میں ہلاک ہوگئی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ واقعہ بھی اس خطے میں اس نسل کی موجودگی کا ثبوت تھا۔ انہوں نے بتایا کہ اورماڑہ کا ساحلی علاقہ ماضی میں ریت کے وسیع ٹیلوں پر مشتمل تھا، جہاں ریپل سینڈ فاکس اور ریڈ فاکس سمیت جنگلی حیات کی مختلف اقسام پائی جاتی تھیں۔ تاہم، انسانی آبادی میں اضافے اور قدرتی ماحول میں مداخلت کے باعث جنگلی جانوروں کے مسکن اور انسانوں کے درمیان موجود قدرتی فاصلے کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ محمود سگار کے مطابق علاقے میں ریڈ فاکس اور گیدڑ بھی پائے جاتے ہیں، جبکہ بلینفورڈز فاکس نامی ایک اور نایاب لومڑی چٹانی اور پہاڑی علاقوں تک محدود ہے۔ انہوں نے ساحل پر دوسینڈ فاکس کے نشانات ملنے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ دریافت اس نسل کی بقا کی امید دلاتی ہے، تاہم اس کے تحفظ اور مسلسل نگرانی کے لیے فوری اقدامات ضروری ہیں۔ اسسٹنٹ کنزرویٹر وائلڈ لائف آواران زاہد الدین نے محمود سگار کی کاوشوں کو علاقے میں جنگلی حیات کے تحفظ اور سائنسی تحقیق کے لیے اہم قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس نوعیت کی تحقیقات نایاب جانوروں کی موجودگی اور ان کے قدرتی مسکن کی نشاندہی میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ وائلڈ لائف حکام نے اورماڑہ میں تعینات عملے کو ہدایت کی ہے کہ وہ محمود سگار کے ساتھ قریبی رابطہ برقرار رکھیں تاکہ مشترکہ کوششوں کے ذریعے نایاب ریت کی لومڑیوں کی نگرانی کی جاسکے اور ان کے قدرتی مسکن کو محفوظ بنانے کے لیے اقدامات کیے جاسکیں۔

بقیہ 44

تحقیقات کے مطابق منشیات مستونگ سے کوئٹہ اسمگل کی جارہی تھیں۔ گرفتار ملزم کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ اے این ایف کے مطابق ایمبولینس کو منشیات اسمگلنگ جیسے مجرمانہ فعل کیلئے استعمال کرنے کا رجحان بڑھ رہا ہے، جس سے ہنگامی حالات میں ایمبولینس کے درست استعمال پر بھی شکوک پیدا ہوتے ہیں۔ اس سے قبل اے این ایف نے سندھ کے علاقے شکارپور میں کارروائی کے دوران بلوچستان سے سندھ منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے ایمبولینس کے خفیہ خانوں سے منشیات برآمد کی تھیں۔ اے این ایف کے مطابق حالیہ کارروائی منشیات اسمگلنگ کے خلاف ادارے کے عزم کی عکاس ہے۔

بقیہ 45

ہے۔ تفصیلات کے مطابق زخمیوں کی شناخت نال، ضلع خضدار کے رہائشی قمبر ولد محمد قاسم اور عرفان ولد قمیصہ مینگل کے نام سے ہوئی ہے۔ اسپیڈ بوٹ کے عملے کے مطابق مبینہ طور پر کچھ عرصے سے مسلح افراد ان سے بھتے کا مطالبہ کر رہے تھے اور رقم ادا نہ کرنے کی صورت میں نقصان پہنچانے کی دھمکیاں بھی دے چکے تھے۔ عملے کے مطابق فائرنگ کا واقعہ اسی پس منظر میں پیش آیا، تاہم اس الزام کی آزادانہ تصدیق نہیں ہوسکی۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا۔ رکن بلوچستان اسمبلی اور ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے سیکیورٹی اداروں سے مکمل تحقیقات اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 46

ہوئے کہ ایک شخص افغانستان سے ڈکٹیشن دے رہا تھا۔ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد کے باہر میڈیا سے گفتگو میں نبیل گبول نے کہا کہ ایک غیر سنجیدہ شخص نے خیبر پختونخوا کی گورنمنٹ کو گرایا، مذاکرات سبوتاژ اس لیے ہوئے کہ ایک شخص افغانستان سے ڈکٹیشن دے رہا تھا۔ پی پی رہنما نے مزید کہا کہ ڈر کے مارے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف کارروائی نہیں ہونی چاہیے۔

بقیہ 47

بلکہ شہدا کے خاندانوں کے ساتھ کھڑا ہونے آیا ہوں، شہدا ہمارے ہیرو ہیں، انہیں سلام پیش کرتا ہوں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ شہدا کے اہل خانہ کو یقین دلاتا ہوں کہ ان کا خون رائیگاں نہیں جانے دیں گے شہدا کی قربانیوں کا متبادل نہیں دے سکتے، لیکن آپ کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، صوبے کے عوام، پاک فوج اور پولیس سمیت دیگر اداروں نے بے پناہ قربانیاں دی ہیں، آج ہم شہدا کی قربانیوں کی بدولت یہاں کھڑے ہی۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ دہشت گردی کا مقابلہ پوری سنجیدگی اور عزم کے ساتھ کرنا ہوگا، دہشت گردی کے خلاف جنگ ہم سب نے متحد ہو کر لڑنی ہے، محسن نقوی کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے پولیس کی استعداد بڑھانے کے لیے گاڑیاں فراہم کیں۔ انہوں نے کہا پورے صوبے کو پولیس کے ساتھ کھڑا ہونا ہوگا، صوبے کے ترقیاتی فنڈز ختم کر سکتے ہیں۔ پولیس کی تنخواہوں میں اضافہ، دوسرے صوبوں کی تنخواہوں کے برابر کر دیا ہے۔ گورنر کا کہنا تھا کہ تمام اداروں کے تعاون سے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے موثر حکمت عملی بنانا ہے، وفاقی وزیر داخلہ کا شکر گزار ہوں، وفاق صوبے کے ساتھ ہے۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے بعد پولیس کے شہدا پیکج میں اضافے سمیت بچوں کی تعلیم اور شادی کے لیے مالی معاونت کا بھی اعلان کر دیا گیا۔ گورنر کے پی کے نے کانسٹیبل سے ڈی آئی جی رینک شہید پیکج میں ایک کروڑ سے ڈیڑھ کروڑ روپے اضافے کا اعلان کیا جبکہ شہدا کے خاندانوں کے لئے گھر خریدنے کے لیے کیش پیکج کا اعلان بھی کیا۔ گورنر نے پولیس اہلکاروں کے بچوں یا والدین کو قتل کرنے پر بھی مالی معاونت کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ 50 لاکھ روپے فیملی افراد کو ٹارگٹ کرنے پر دیں گے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کے پی پولیس کو پنجاب طرز کا پیکج دینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ پولیس شہدا کی بچیوں کو شادی پر 10 لاکھ روپے دیے جائیں گے۔ گورنر ہاس میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے پولیس شہدا میں پلاٹ لیٹرز تقسیم کیے۔ بنوں، لکی مروت اور صوبے کے دیگر اضلاع میں شہید پولیس جوانوں کے اہل خانہ کو پلاٹ لیٹرز دیئے گئے۔

بقیہ 48

حتمی شکل دینے پر اتفاق ہوا، علاوہ ازیں سائبر کرائم کی روک تھام، اینٹی نارکوٹکس فورس اور دونوں ممالک کی پولیس اکیڈمیز کے مابین اشتراک کار بڑھانے پر بھی مکمل ہم آہنگی ظاہر کی گئی، طے پایا کہ دونوں ممالک کی وزارت داخلہ کے ورکنگ گروپس جلد ایک دوسرے کے ملک کے دورے کریں گے۔ مذاکرات میں پاکستان سے روس ہنر مند افرادی قوت بھیجنے کے ساتھ ساتھ سیاحوں اور بزنس کمیونٹی کے لیے ویزا کے حصول کو آسان بنانے پر بھی سیر حاصل تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ منظم جرائم کی روک تھام کا معاہدہ باہمی تعاون کے فروغ میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ ویزا رجیم میں آسانی سے دونوں ممالک کے عوام کے درمیان روابط مزید مضبوط ہوں گے، پاکستان بالخصوص سائبر کرائم کے سدباب کیلئے روس کے تجربات اور جدید تکنیک سے استفادہ کرنا چاہتا ہے، اس وقت 1,300 کے قریب پاکستانی طلبا روس میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں، اور ہماری خواہش ہے کہ اعلی تعلیم کیلئے مزید پاکستانی طلبا روس جائیں۔ روس کے وزیر داخلہ ولادیمیر کولاکولتسیف نے مشترکہ اقدامات کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی، منشیات کی سمگلنگ اور غیر قانونی مائیگریشن جیسے سنگین مسائل اور تمام منظم جرائم کی روک تھام کے لئے مشترکہ اقدامات انتہائی ضروری ہیں، روس نے موثر اور جامع اقدامات کے ذریعے اپنے ملک میں سائبر کرائم کی شرح میں 33 فیصد تک کمی حاصل کی ہے اور اس سلسلے میں پاکستان کے ساتھ تعاون کیلئے تیار ہے۔ ملاقات اور وفود کی سطح کے مذاکرات میں وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری، پاکستان میں روس کے سفیر، سپیشل و ایڈیشنل سیکرٹریز داخلہ، ڈی جی ایف آئی اے، کمانڈنٹ نیشنل پولیس اکیڈمی، آئی جی ایف سی، ڈی جی نیشنل فرانزک ایجنسی، ڈی جی این سی سی آئی اے، ڈی جی پاسپورٹ، چیف کمشنر، آئی جی اسلام آباد پولیس اور دیگر اعلی حکام بھی موجود تھے۔

بقیہ 49

الیکشن کمیشن کے اعلامیے کے مطابق چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی زیر صدارت اجلاس ہوا، جس میں کمیشن کے ارکان، سیکرٹری الیکشن کمیشن اور دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ اسلام آباد میں حلقہ بندیوں کا عمل 21 جولائی 2026 کو شروع کیا گیا تھا، جو مکمل ہو چکا ہے، جبکہ حتمی فہرستیں آج شائع کردی گئی ہیں۔ اعلامیے کے مطابق الیکشن کمیشن نے اسلام آباد لوکل گورنمنٹ رولز سے متعلق اپنی تجاویز 20 جولائی 2026 کو وزارت داخلہ کو بھجوا دی تھیں، تاکہ سفارشات کے مطابق قانون سازی کر کے قواعد شائع کیے جاسکیں۔ اس سلسلے میں ضروری قانون سازی کی منظوری متعلقہ قائمہ کمیٹی نے 3 ستمبر 2026 کو دی، تاہم قانون سازی مکمل ہونے سے پہلے ہی 6 ستمبر 2026 کو اسلام آباد لوکل گورنمنٹ ترمیمی آرڈیننس 2026 کی مدت ختم ہوگئی۔ الیکشن کمیشن کے مطابق آرڈیننس کی میعاد ختم ہونے کے بعد وزارت قانون وانصاف نے مسودہ قواعد وزارت داخلہ کو واپس کردیا، کیونکہ آرڈیننس کے تحت قواعد بنانے والی اتھارٹی موجود نہیں رہی تھی۔ اس صورتحال کے پیش نظر کمیشن نے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق معاملہ باقاعدہ سماعت کے لئے مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ سیکرٹری وزارت داخلہ اور چیف کمشنر اسلام آباد کو نوٹس جاری کر کے معاونت طلب کی جائے گی کہ ترمیمی آرڈیننس کی مدت ختم ہونے اور وفاقی حکومت کی جانب سے قانون سازی نہ کیے جانے کے باعث کیوں نہ اسلام آباد لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2015 کے تحت انتخابات کرائے جائیں۔ الیکشن کمیشن کا ارادہ ہے کہ باقاعدہ سماعت کے بعد پرانے بلدیاتی قانون کے تحت انتخابی شیڈول جاری کیا جائے۔

TENDER NOTICE

TSE-2627101207243 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER BUILDINGS CWPP&H DEPARTMENT KACHHI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 2%**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONST. OF ADDITIONAL ROOMS AND BOUNDARY WALL AT GBPS GIDAR TEHSIL BHAG BEMIS 07189 KACHHI	14,029,850

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 9,820,895 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Pursuant to sub clause 43.1 of the general condition of the contract the work shall be completed on or before the date stated In case of representative the bidder provides an authority letter on Judicial stamp paper of Rs, 100/-stamp paper, mentioning TSE Number and title of work duly attested by Oath Commissioner **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,500 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 28 October, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 28 October, 2026till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM Address: XEN CWPP&H Office Dhadhar Phone no: 3337340773
Email: xenbuildingkachi@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER
BUILDINGS CWPP&H
DEPARTMENT KACHHI

DPRQ/PRQ No.1885/14-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بلوچستان اسمبلی آبی وسائل کے انتظام و انصرام کا قانون 2026 منظور

صوبے میں بدامنی، منشیات اور خواتین کے اغوا و قتل کے واقعات پر ارکانِ اسمبلی کا شدید تشویش کا اظہار

اسپیکر کا خضدار اور قلات واقعات پر متعلقہ ڈی آئی جیز کو ایف آئی آر سمیت ذاتی حیثیت میں طلب کرنے کا حکم

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان اسمبلی نے بلوچستان آبی وسائل کے انتظام وانصرام کا قانون 2026 منظور کرلیا، جبکہ ایوان میں امن و امان کی بگڑتی صورتحال، منشیات کے پھیلاؤ، خواتین کے اغوا اور قتل کے واقعات پر ارکان اسمبلی نے شدید تشویش کا اظہار کیا۔ اجلاس کے دوران آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی جانب سے موصولہ آڈٹ رپورٹس بھی پیش کی گئیں، جنہیں پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے سپرد کردیا گیا۔ اجلاس میں رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن نے صوبے میں امن و امان کی صورتحال پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کا مسئلہ سنگین ہو چکا ہے اور شاہراہیں بھی محفوظ نہیں رہیں۔ منشیات ہماری نسلوں کو تباہ کررہی ہیں، لیکن متعلقہ ادارے اس کی روک تھام میں ناکام دکھائی (باقی صفحہ 3 نمبر40)

کراچی، ایف آئی اے کا نجی بینک پر چھاپہ، برانچ منیجر سمیت 5 افراد گرفتار

ملزمان مبینہ طور پر غیر قانونی کرنسی ایکسچینج اور ہنڈی حوالہ کے کاروبار میں ملوث ہیں، ایف آئی اے

کراچی (اے این این) ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل کراچی نے فیڈرل بی ایریا بلاک 4 میں واقع نجی بینک کی برانچ پر چھاپہ مار کر برانچ منیجر سمیت 5 افراد کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق کارروائی انکوائری نمبر 107/2026 کے تحت کی گئی۔ گرفتار ملزمان کی شناخت فرحان احمد، فیصل احمد، کاشف علوی، محمد نسیم اور جنید احمد کے نام سے ہوئی ہے۔ کاشف علوی نجی بینک کی برانچ کے منیجر ہیں۔ ایف آئی اے کے مطابق ملزمان مبینہ طور پر غیر قانونی کرنسی ایکسچینج اور ہنڈی حوالہ کے کاروبار میں ملوث تھے۔ کارروائی کے دوران ان کے قبضے سے 3 لاکھ سعودی ریال (باقی صفحہ 3 نمبر39)

کوئٹہ، صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور احمد بلیدی سے ایف اے او کے انٹرنیشنل پروگرام کے نمائندے ولید مہدی ملاقات کررہے ہیں

سعودی عرب میں ٹریفک حادثہ، پاکستانی باپ 2 بیٹوں سمیت جاں بحق

ریاض (جی این ایم) سعودی عرب میں عارف والا سے تعلق رکھنے والے عمرہ زائرین کی کار کو حادثے کے نتیجے میں باپ اور اس کے دو جوان سالہ بیٹے جاں بحق ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں چوہدری واحد علی اور ان کے دو بیٹے عمر واحد اور علی واحد شامل ہیں۔ تینوں باپ بیٹے کار میں مکہ سے مدینہ جارہے (باقی صفحہ 3 نمبر37)

وزیراعظم کی محمد ظفر اقبال کو معاون خصوصی برائے توانائی مقرر کرنے کی منظوری

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف نے لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد ظفر اقبال کو معاون خصوصی برائے توانائی مقرر کرنے کی منظوری دے دی۔ وزیراعظم آفس کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد ظفر اقبال کی تقرری فوری طور پر نافذ العمل ہوگی۔ اعلامیہ وزیراعظم آفس کے مطابق لیفٹیننٹ جنرل) ر (محمد ظفر اقبال کا عہدہ وزیر مملکت کے برابر ہوگا۔

سربراہ پاک بحریہ اور ایئر چیف سے برازیل کے وفد کی الگ الگ ملاقاتیں

پیشہ ورانہ تربیت، باہمی دوروں اور مشترکہ مشقوں کے ذریعے تعاون بڑھانے پر زور

راولپنڈی (جی این ایم) سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف اور سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے برازیل کی مسلح افواج کے جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے سربراہ ایڈمرل رینالٹو روڈریگز ڈی اگویار فریرے کی قیادت میں اعلیٰ سطح کے وفد نے (باقی صفحہ 3 نمبر2)

سعودی ایئرپورٹس پر حملے، فلائٹ آپریشن محدود، پاکستانی پروازیں کم ترین سطح پر آ گئیں

گزشتہ 24 گھنٹے میں ملک بھر سے 114 پروازیں منسوخ یا نان آپریشنل، 77 میں تاخیر ہوئی

اسلام آباد (جی این ایم) سعودی عرب کے ایئرپورٹس پر حوثیوں کے حملوں کے باعث فلائٹ آپریشن محدود سطح پر آنے کی وجہ سے پاکستان کی پروازیں بھی کم ترین سطح پر آ گئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر سے 114 پروازیں (باقی صفحہ 3 نمبر3)

اورماڑہ کے ڈیمی زر ساحل پر دو نایاب ریت کی لومڑیوں کے نشانات دریافت

نایاب سینڈ فاکس کی موجودگی کی تصدیق، قدرتی مسکن کے تحفظ اور نگرانی کے لیے اقدامات کی ہدایت

اورماڑہ (یو این اے) مکران کی ساحلی پٹی پر واقع اورماڑہ کے ڈیمی زر ساحل پر جنگلی حیات کے ماہر اور ماحولیاتی صحافی محمود سگار نے نایاب ریپل سینڈ فاکس کے دو جانوروں کے پیروں کے نشانات دریافت کیے ہیں۔ ان نشانات کا باریک بینی سے جائزہ لینے کے بعد ان کی سائنسی شناخت کی گئی، جسے علاقے میں اس نایاب نسل کی موجودگی کا اہم ثبوت قرار دیا جارہا ہے۔ محمود سگار (باقی صفحہ 3 نمبر4)

جیونی کے سمندر میں ایرانی تیل لانے والی اسپیڈ بوٹ پر فائرنگ، دو مزدور زخمی

بھتہ نہ دینے پر حملے کا الزام، مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کا واقعے کی تحقیقات کا مطالبہ

گوادر (یو این اے) گوادر کے علاقے جیونی کے سمندر میں مسلح افراد نے ایرانی تیل لانے والی ایک اسپیڈ بوٹ پر فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں دو مزدور زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر گوادر کے جی ڈی اے اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جارہی (باقی صفحہ 3 نمبر6)

ایک غیر سنجیدہ شخص نے خیبر پختونخوا کی حکومت کو گرایا، نبیل گبول

مذاکرات سبوتاژ اس لیے ہوئے کہ ایک شخص افغانستان سے ڈکٹیشن دے رہا تھا

اسلام آباد (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نبیل گبول نے کہا ہے کہ ایک غیر سنجیدہ شخص نے خیبر پختونخوا کی حکومت کو گرایا، مذاکرات اس لیے سبوتاژ (باقی صفحہ 3 نمبر7)

کوئٹہ میں اے این ایف کی کارروائی، ایمبولینس سے 60 کلو چرس برآمد

کوئٹہ (جی این ایم) اے این ایف نے کوئٹہ کے علاقے سونا خان چوک کے قریب کارروائی کرتے ہوئے ایمبولینس کے خفیہ خانوں میں چھپائی گئی 60 کلوگرام چرس برآمد کرلی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران بین الصوبائی منشیات اسمگلنگ گروہ کے اہم کارندے کو گرفتار کیا گیا۔ ابتدائی (باقی صفحہ 3 نمبر5)

بلوچستان اسمبلی اجلاس، بارکھان واقعے میں جاں بحق ہونے والے 2 افراد کے لیے فاتحہ خوانی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کی صدارت میں مقررہ وقت سے 25 منٹ کی تاخیر کے ساتھ شروع ہوا۔ اجلاس کے آغاز میں رکن صوبائی اسمبلی کی نشاندہی پر بارکھان میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے کے دوران جاں بحق ہونے والے 2 افراد کی مغفرت اوران کے درجات کی بلندی کے لیے ایوان میں اجتماعی فاتحہ خوانی کی گئی۔

قلعہ عبداللہ میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال، حکومت اقدامات کرے، زمرک

ریاست اور حکومت کی یہ بنیادی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ عوام کے بنیادی مسائل بالخصوص امن وامان کے بحران کی طرف فوری توجہ دے اوران کا پائیدار حل نکالے، ایم پی اے

شتہ 2 سالوں کے دوران ضلع قلعہ عبداللہ میں امن و امان کے قیام کے لیے متعدد عملی اقدامات کیے گئے ہیں نفری میں اضافہ دو نئے پولیس تھانے قائم کیے، وزیر داخلہ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران رکنِ اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی کی جانب سے قلعہ عبداللہ میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر توجہ دلاؤ نوٹس پیش کیا گیا، جس پر حکومت کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات کی تفصیلات ایوان میں پیش کی گئیں۔ اجلاس میں وزیر داخلہ نے ایوان کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ 2 سالوں کے دوران ضلع قلعہ عبداللہ میں امن و امان کے قیام کے لیے متعدد عملی اقدامات کیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں ضلع میں 2 نئے پولیس تھانے قائم کیے گئے ہیں، سیکیورٹی اہلکاروں کی تعداد میں اضافہ کیا گیا ہے اور اہم قبائلی تنازعات کو بھی خوش اسلوبی سے حل کیا گیا ہے۔ توجہ دلاؤ نوٹس پر بحث میں حصہ لیتے ہوئے انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ ریاست اور حکومت کی یہ بنیادی (باقی صفحہ 3 نمبر1)

اسلام آباد میں تمام قسم کے شیشہ کیفے مکمل طور پر بند کرنے کا حکم

نئے رولز بننے تک اسلام آباد میں تمام شیشہ کیفیز بند رہیں گے، عدالت کا حکم

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں تمام قسم کے شیشہ کیفے مکمل طور پر بند کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے حکم دیا کہ نئے رولز بننے تک اسلام آباد میں تمام شیشہ کیفیز بند رہیں گے جبکہ شیشہ کیفیز کو پہلے سے دیے گئے این او سی واپس لینے کا حکم بھی دے دیا گیا۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے احکامات جاری کردیے، کیس کا تحریری فیصلہ عدالت بعد میں جاری کرے گی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں تمام قسم کے شیشہ کیفے مکمل طور پر بند کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے حکم دیا کہ نئے رولز بننے تک اسلام آباد میں تمام شیشہ کیفیز بند رہیں۔

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ ملاقات کررہی ہیں

پاکستان اور روس کا منشیات اسمگلنگ و سائبر کرائم کیخلاف تعاون بڑھانے پر اتفاق

پاکستان بالخصوص سائبر کرائم کے سدباب کیلئے روس کے تجربات اور جدید تکنیک سے استفادہ کرنا چاہتا ہے، وزیر داخلہ محسن نقوی

دہشتگردی، منشیات کی سمگلنگ اور غیر قانونی مائیگریشن جیسے سنگین مسائل اور تمام منظم جرائم کی روک تھام کیلئے مشترکہ اقدامات انتہائی ضروری ہیں، روسی وزیر داخلہ

اسلام آباد (جی این ایم) روس کے وزیر داخلہ ولادیمیر کولوکولتسیف نے وزارت داخلہ اسلام آباد کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے اہم ملاقات کی، جبکہ دونوں رہنماؤں کے درمیان وفود کی سطح پر تفصیلی مذاکرات بھی ہوئے۔ ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے وزرائے داخلہ نے مشترکہ مفادات کے تمام شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے کے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور روس کے درمیان منظم جرائم کی روک تھام، معلومات کے تبادلے، مجرمان کے تبادلے اور ری ایڈیشن معاہدے پر جلد عملدرآمد کو (باقی صفحہ 3 نمبر9)

پنجگور اور کیچ میں 5 نئے نادرا مراکز کے قیام کی تجویز منظور

وشبود، عیسیٰ، آبسر، شاہی تمپ اور کلگ میں نادرا مراکز قائم کرنے کی یقین دہانی، واجہ پھلین بلوچ کی کاوش

پنجگور (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور رکن قومی اسمبلی واجہ پھلین بلوچ کی کوششوں سے پنجگور اور ضلع کیچ کے مختلف علاقوں میں پانچ نئے نادرا رجسٹریشن مراکز کے قیام کی تجاویز کو قابلِ عمل قرار دے دیا گیا ہے۔ نادرا نے ان مراکز کو مالی سال 2026-27 کے سالانہ منصوبے میں شامل کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین نادرا لیفٹیننٹ (باقی صفحہ 3 نمبر38)

بی ایل اے نے غریب بھائیوں کو بے دردی سے شہید کیا، سردار عبدالرحمٰن کھیتران

پلیں اڑانے سے عام عوام اور مسافروں کا نقصان ہو رہا ہے، یہ باہر کے ٹکڑوں پر پلنے والے دہشت گرد ہیں، علی مدد جتک

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران رکنِ صوبائی اسمبلی سردار عبدالرحمٰن کھیتران اور صوبائی وزیر علی مدد جتک نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کالعدم تنظیم بی ایل اے کی دہشت گردانہ کارروائیوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور عوام و سیاسی قیادت کو ریاست کے ساتھ متحد ہو کر کھڑے ہونے کی اپیل کی۔ نقطہ اعتراض پر بولتے ہوئے (باقی صفحہ 3 نمبر36)

یمن میں جنگی زخمیوں کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ، اسپتالوں پر دباؤ بڑھ گیا

صنعا (اے این این) یمن میں مختلف محاذوں پر لڑائی میں شدت کے باعث جنگی زخمیوں کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہوگیا ہے، جس سے پہلے ہی کمزور طبی نظام شدید دباؤ کا شکار ہے۔ بین الاقوامی کمیٹی برائے ریڈ کراس نے خبردار کیا ہے کہ کئی علاقوں کے اسپتال زخمیوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کو سنبھالنے میں مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق یمن کے محاذ جنگ کے قریب واقع اسپتالوں، خصوصاً مارب، (باقی صفحہ 3 نمبر35)

ڈی آئی خان میں ایک ماہ کیلئے دفعہ 144 نافذ، جلسے جلوسوں اور ڈبل سواری پر پابندی

والی بال میچ سے واپسی پر 2 گروپوں میں فائرنگ کا تبادلہ، 5 افراد جاں بحق، 4 زخمی

ڈی آئی خان (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر ڈیرہ اسماعیل خان حکمت اللہ نے ضلع بھر میں ایک ماہ کیلئے دفعہ 144 نافذ کردی، جس کے تحت جلسے، جلوسوں، ریلیوں اور عوامی اجتماعات (باقی صفحہ 3 نمبر11)

عابد شیر علی کا بانی پی ٹی آئی کی تصویر ایوان میں لانے پر اعتراض

آپ ہمارے دل سے کیسے نکالیں گے، سینیٹر فلک ناز چترالی کا جواب

اسلام آباد (اے این این) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینیٹر عابد شیر علی نے بانی پی ٹی آئی کی تصویر ایوان میں لانے پر اعتراض کردیا۔ سینیٹ میں خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کی (باقی صفحہ 3 نمبر12)

بلوچستان اسمبلی میں اسپیکر عبدالخالق اچکزئی اور مولانا ہدایت الرحمٰن کے درمیان دلچسپ مکالمہ

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران اسپیکر اسمبلی عبدالخالق اچکزئی اور رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کے درمیان حکومت کی کارکردگی سے متعلق دلچسپ مکالمہ ہوا، جس پر ایوان میں موجود ارکان اسمبلی کے چہروں پر مسکراہٹیں بکھر گئیں اور قہقہے گونج اٹھے۔ تفصیلات کے مطابق اجلاس کے دوران اسپیکر عبدالخالق اچکزئی نے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ سے دلچسپ انداز میں مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ 3 نمبر13)

دہشت گردی کا مقابلہ پوری سنجیدگی اور عزم کے ساتھ کرنا ہوگا، فیصل کریم کنڈی

خیبر پختونخوا پولیس کے شہدا پیکج میں اضافہ، بچوں کی تعلیم اور شادی کیلئے مالی معاونت کا اعلان

پشاور (اے این این) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ دہشت گردی کا مقابلہ پوری سنجیدگی اور عزم کے ساتھ کرنا ہوگا، دہشت گردی کے خلاف جنگ ہم سب نے متحد ہو کر لڑنی ہے۔ وہ پشاور میں پولیس شہدا کے لواحقین میں پلاٹ الاٹمنٹ لیٹرز کی تقسیم کی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ آج یہاں گورنر کی حیثیت سے نہیں (باقی صفحہ 3 نمبر8)

الیکشن کمیشن کا 2015 کے قانون کے تحت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کرانے کا عندیہ

کیس کی سماعت 21 اکتوبر کو مقرر، سیکرٹری وزارت داخلہ اور چیف کمشنر اسلام آباد کو نوٹس جاری کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (اے این این) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے 2015 کے قانون کے تحت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کرانے کا عندیہ دیدیا۔ الیکشن کمیشن نے وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق کیس کی سماعت 21 اکتوبر 2026 کو مقرر کرتے ہوئے سیکرٹری وزارت داخلہ اور چیف کمشنر اسلام آباد کو نوٹس جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر10)

فیئر فورڈ ایئربیس سازش کا الزام، ایران میں برطانوی سفیر کی طلبی

اس معاملے نے تہران اور لندن کے درمیان سفارتی کشیدگی میں اضافے کے خدشات پیدا کردیے ہیں

تہران (جی این ایم) ایران نے برطانیہ میں واقع فیئر فورڈ ایئربیس کو نشانہ بنانے کی مبینہ سازش سے متعلق الزامات پر برطانوی سفیر کو طلب کرلیا اور ان الزامات کو مسترد کرتے ہوئے برطانوی حکومت سے شواہد فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی وزارت خارجہ نے بتایا کہ یہ اقدام برطانوی وزیراعظم اینڈی برنہم کے اس بیان کے بعد کیا گیا (باقی صفحہ 3 نمبر34)

سرکاری ملازمین کے حقوق اور مسائل کے حل کے لیے سبی میں تمام ملازم تنظیموں کا اتحاد کا فیصلہ

تمام تنظیموں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کے لیے رابطہ کمیٹی تشکیل، مشترکہ جدوجہد پر اتفاق

سبی (یو این اے) ضلع سبی میں سرکاری ملازمین کے مسائل کے حل اور حقوق کے تحفظ کے لیے مختلف ملازم تنظیموں کے مشترکہ اجلاس میں تمام تنظیموں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کا فیصلہ کیا گیا، جبکہ دیگر تنظیموں سے رابطوں کے لیے رابطہ کمیٹی تشکیل دینے پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس محراب خان مجگ کی زیرِ سرپرستی منعقد ہوا، جس میں اپکا، گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن، بلوچستان (باقی صفحہ 3 نمبر14)

شہباز شریف کا پوپ لیو کی سرجری کے بعد ان کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مسیحوں کے روحانی پیشوا پوپ لیو XIV کی سرجری کے بعد ان کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ بدھ کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ وہ پاکستان کے عوام اور حکومت کی طرف سے پوپ لیو کی جلد مکمل صحت یابی کے لیے دعاگو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نہ صرف پاکستان (باقی صفحہ 3 نمبر33)

کوئٹہ، سپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت اسمبلی اجلاس میں صوبائی وزراء، صوبائی مشیران، اراکین صوبائی اسمبلی پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کررہے ہیں

قومی اسمبلی کے بعد سینیٹ نے بھی خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کی توثیق کردی

اسلام آباد (اے این این) قومی اسمبلی کے بعد سینیٹ نے بھی صدر مملکت کے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کی توثیق کردی۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کی توثیق کے لیے قرارداد سینیٹ میں پیش کی گئی جو کہ وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے پیش کی۔ قرارداد میں کہا گیا کہ صدر مملکت نے 11 اکتوبر 2026ء کو خیبر پختونخوا میں (باقی صفحہ 3 نمبر15)

ضلع کچھی میں بلوچستان پولیس کی بھرتیوں کے لیے قد اور چھاتی کی پیمائش کا عمل جاری

شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانے کے لیے تمام امور طے شدہ قواعد وضوابط کے مطابق انجام دیے جارہے ہیں: چیئرمین ریکروٹمنٹ کمیٹی

کچھی (یو این اے) آئی جی پولیس بلوچستان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں بلوچستان پولیس میں کانسٹیبلان ودیگر آسامیوں پر بھرتیوں کے سلسلے میں ضلع کچھی کے امیدواروں کے قد اور چھاتی کی پیمائش کا عمل شہید نثار احمد پولیس لائنز کچھی میں شفاف انداز میں جاری ہے۔ اس پورے عمل کی نگرانی ڈی آئی جی پولیس ژوب رینج و چیئرمین ریکروٹمنٹ کمیٹی سہیل خالد دیگر کمیٹی اراکین کے ہمراہ خود کر رہے ہیں۔ اس موقع پر چیئرمین ریکروٹمنٹ کمیٹی ڈی آئی جی پولیس سہیل خالد نے بتایا کہ بھرتیوں کے عمل کو شفاف، منظم اور خوش اسلوبی سے مکمل کرنے کے لیے تمام ضروری انتظامات کیے گئے ہیں، اور امیدواروں کی جسمانی پیمائش مقررہ معیار کے مطابق کی جارہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھرتیوں کے اس عمل میں مکمل شفافیت اور میرٹ کی بالادستی کو یقینی بنانے (باقی صفحہ 3 نمبر32)

کوئٹہ، وائس چانسلر بیوٹمز پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ بیوٹمز سنڈیکیٹ کے 45ویں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

نصیر کبدانی لبزانکی دیوان کے وفد کی ایڈیشنل کمشنر رخشان ڈویژن سے ملاقات

ادبی وثقافتی سرگرمیاں معاشرے کی مثبت قدروں کی امین ہیں، مکمل تعاون فراہم کیا جائے گا، ایڈیشنل کمشنر ظفر گویا

خاران (یو این اے) نصیر کبدانی لبزانکی دیوان خاران کے وفد نے ایڈیشنل کمشنر رخشان ڈویژن ظفر گویا سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کا بنیادی مقصد ایڈیشنل کمشنر رخشان ڈویژن کو خاران میں تعیناتی پر مبارکباد پیش کرنا اور علاقے میں ادبی و علمی ماحول کو مزید فعال بنانے کے لیے تبادلہ خیال کرنا تھا۔ وفد کی قیادت جنرل سیکرٹری شکور زائد نے کی جبکہ دیگر اراکین میں نائب صدر سفر خان راسکوئی، قیوم ساداگ، حبیب دانش، جلال فراق، محمد عیسیٰ محمد حسنی، شہزاد سلیم، محمود پیرک اور نجیب بلوچ شامل تھے۔ ملاقات کے دوران وفد کے اراکین نے امید ظاہر کی کہ ایڈیشنل کمشنر رخشان ڈویژن ظفر گویا کی بطور ایڈیشنل کمشنر رخشان ڈویژن تعیناتی سے خاران میں علم وادب، زبان اور ثقافت کے فروغ کو ایک نیا تحرک ملے گا اور ادیبوں، شاعروں و کالم نگاروں کی حوصلہ افزائی کے لیے حکومتی سطح پر مثبت اقدامات کیے جائیں گے۔ وفد نے ایڈیشنل کمشنر رخشان ڈویژن کو نصیر (باقی صفحہ 3 نمبر28)

حنا جاوید قتل کیس، اہلخانہ کا نجی استغاثہ دائر کرنے کا فیصلہ

راولپنڈی (جی این ایم) راولپنڈی میں حنا جاوید کے قتل کے معاملے پر اہلِ خانہ نے علاقہ مجسٹریٹ کی عدالت میں نجی استغاثہ دائر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مقتولہ حنا جاوید کے اہلِ خانہ کا الزام ہے کہ تفتیش کا رخ موڑنے اور پولیس کی مرضی کا چالان جمع کروانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ اہلِ خانہ کے مطابق مقتولہ کے شوہر فیصل اصغر کو بچانے کی کوشش کی جارہی ہے جبکہ (باقی صفحہ 3 نمبر31)

میانوالی، 2 موٹر سائیکلوں میں تصادم میں ایک شخص جاں بحق، 2 افراد شدید زخمی

میانوالی (جی این ایم) میانوالی کالاباغ روڈ پر پل دس ہزار کے قریب دو موٹر سائیکلوں میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق دو افراد شدید زخمی ہو گئے، جاں بحق شخص کی شناخت عطااللہ گلن خیل کے نام سے ہوئی، زخمیوں کا تعلق مقامی علاقہ توحید آباد سے بتایا جاتا ہے۔ حادثے کی اطلاع پر امدادی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا، اطلاع پر پولیس بھی موقع پر پہنچ گئی۔ پولیس حکام نے بتایا کہ حادثہ تیز رفتاری (باقی صفحہ 3 نمبر30)

اسٹیٹ بینک کا چینی کی برآمد پر نیا سرکلر جاری، دو لاکھ ٹن چینی برآمد کی ہدایات

کراچی (جی این ایم) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے چینی کی برآمد پر نیا سرکلر جاری کردیا۔ دو لاکھ ٹن چینی برآمد کی نئی ہدایات جاری کردی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب اور سندھ کے کوٹے کی منظوری دے دی گئی جبکہ خیبر پختونخوا کے کوٹے کی منظوری ابھی باقی ہے۔ چینی کی برآمد ایڈوانس پیمنٹ یا ایل سی پر ہوگی، چینی صرف بحری جہاز کے ذریعے بھیجی جائے گی اور چینی بھیجنے کی کوئی آخری تاریخ نہیں ہوگی۔ بینک ہر ہفتے برآمد کی رپورٹ اسٹیٹ بینک کو دیں گے۔

نائب وزیراعظم سے سلطنت عمان کے وزیر خارجہ کی ملاقات

ملاقات میں باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کے فروغ بارے تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (یو این اے) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے سلطنت عمان کے وزیر خارجہ سید بدر بن حمد بن حمود البوسعیدی نے ملاقات کی جس دوران دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور عمان کے درمیان قریبی اور برادرانہ تعلقات کا اعادہ کرتے ہوئے باہمی (باقی صفحہ 3 نمبر18)

ملک کے بالائی علاقوں میں بارش، کشمیر میں ژالہ باری اور موسلا دھار بارش کا امکان

خضدار، ژوب، بارکھان اور موسیٰ خیل میں مطلع جزوی طور پر ابر آلود رہ سکتا ہے

لاہور (اے این این) محکمہ موسمیات نے آئندہ 12 سے 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے بالائی علاقوں میں مطلع جزوی طور پر ابر آلود رہنے کی پیشگوئی کی ہے، جبکہ کشمیر، (باقی صفحہ 3 نمبر19)

کوئٹہ، بین المدارس تقریری مقابلہ، 20 تعلیمی اداروں کی شرکت

تقریری مقابلے میں 40 سے زائد طلبہ نے حصہ لیا، پوزیشن حاصل کرنے والوں میں انعامات کی تقسیم

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ریزیڈنشل اسکول کے زیر اہتمام بین المدارس تقریری مقابلہ 2026 کا شاندار، باوقار اور کامیاب انعقاد کیا گیا، جس میں کوئٹہ کے 20 مختلف تعلیمی اداروں سے تعلق رکھنے والے 40 باصلاحیت طلبہ نے شرکت کی اور (باقی صفحہ 3 نمبر20)

حوثیوں کے سعودی عرب میں ریاض ایئرپورٹ، آرامکو دفتر اور آئل ریفائنری پر حملے: 4 زخمی

ریاض میں حوثی کروز میزائلوں کو روکنے کے بعدان کا ملبہ رہائشی علاقوں میں گرا جس میں 4 افراد زخمی ہوگئے

ریاض (اے این این) یمن کے حوثی گروپ نے سعودی عرب میں تیل کی بڑی کمپنی آرامکو کی تنصیبات، ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور دارالحکومت میں واقع آرامکو کی آئل ریفائنری کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق، سعودی عرب کے مشرقی شہر ظہران میں آرامکو کے مرکزی دفتر کی عمارت کو منگل کی شب حملے کا نشانہ بنایا گیا جس (باقی صفحہ 3 نمبر21)

'انتظار کریں، ہم ایران کے ساتھ کیا کرتے ہیں'، امریکی صدر

واشنگٹن کی بنیادی ترجیح ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے سے روکنا ہے، صدر ٹرمپ

نیویارک (اے این این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے خلاف مزید کارروائی کا عندیہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ دنیا دیکھے گی کہ امریکا ایران کے ساتھ کیا کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ واشنگٹن کی بنیادی ترجیح ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے سے روکنا ہے۔ خبر رساں ادارے اناطولو کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی ریاست الاسکا کے شہر وسیلا میں ایک انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے ایران کے حوالے سے سخت بیان دیا۔ وہ 3 نومبر کو ہونے والے وسط مدتی (باقی صفحہ 3 نمبر22)

آفتاب شیرپاؤ کے گورنر خیبر پختونخوا بننے کی خبروں میں کوئی حقیقت نہیں، سکندر شیرپاؤ

چارسدہ (جی این ایم) قومی وطن پارٹی کے رہنما سکندر خان شیرپاؤ نے کہا ہے کہ آفتاب احمد خان شیرپاؤ کے گورنر خیبر پختونخوا بننے کی خبروں میں کوئی حقیقت نہیں۔ قومی وطن پارٹی کے ضلعی رہنما مشتاق خان ترنگزئی نے سکندر خان شیرپاؤ سے ٹیلی فونک رابطہ کیا، جس میں آفتاب احمد خان شیرپاؤ کے گورنر خیبر پختونخوا منتخب ہونے سے متعلق گردش کرنے والی خبروں پر تبادلہ خیال کیا (باقی صفحہ 3 نمبر17)

ایران کیخلاف فوجی آپریشن پر ٹرمپ اور نیتن یاہو میں بات چیت ہوئی، ایگزیوس

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی نیوز ویب سائٹ ایگزیوس نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے خلاف فوجی آپریشن پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو میں بات چیت ہوئی ہے۔ امریکی نیوز ویب سائٹ ایگزیوس کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ نیتن یاہو اور ٹرمپ نے گزشتہ ہفتے ایران کے خلاف بڑے فوجی آپریشن کے امکان پر تبادلہ خیال کیا، مجوزہ کارروائی میں ایران کے فوجی اور جوہری اہداف کو نشانہ بنانے پر بات ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق نیتن یاہو نے (باقی صفحہ 3 نمبر23)

امریکی سینٹ کام نے آبنائے ہرمز پر ایران کے کنٹرول کا دعویٰ مسترد کردیا

فلوریڈا (جی این ایم) امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) نے آبنائے ہرمز پر کنٹرول سے متعلق ایران کے دعوے کو مسترد کردیا۔ سینٹ کام نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا ہے کہ ایرانی پاسداران انقلاب کے پاس کوئی بحریہ نہیں۔ سینٹ کام کا کہنا ہے کہ امریکی افواج اور علاقائی اتحادی آبنائے ہرمز پر واضح کنٹرول رکھتے ہیں۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کے مطابق امریکی افواج نے پیر کے روز خلیجی شراکت داروں کو اس اہم بحری گزرگاہ سے ایک کروڑ 90 لاکھ بیرل (باقی صفحہ 3 نمبر24)

ڈیرہ بگٹی میں پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی، ریموٹ کنٹرول بم ناکارہ بنادیا

پاکستان چوک میں نصب بم اور ڈیٹونیٹر کامیابی سے ڈیفیوز، شہریوں کی جانب سے پولیس اور سیکیورٹی اداروں کو خراج تحسین

ڈیرہ بگٹی (یو این اے) ڈیرہ بگٹی میں پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے شہر کو ممکنہ بڑی تباہی سے بچالیا۔ پاکستان چوک کے مصروف اور پرہجوم بازار میں بم نصب ہونے کی اطلاع ملنے پر پولیس اور ایف سی کے بم ڈسپوزل اسکواڈز کو فوری طور پر طلب کرلیا گیا بم ڈسپوزل اسکواڈز کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر کارروائی کی اور نصب ریموٹ کنٹرول بم سمیت ڈیٹونیٹر کو کامیابی سے ناکارہ بنا دیا۔ بروقت کارروائی کے نتیجے میں ممکنہ جانی و مالی نقصان کا خطرہ ٹل گیا واقعے کے بعد علاقہ مکینوں نے پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی فوری کارروائی کو سراہتے ہوئے ایس ایچ او نور علی بگٹی اور دیگر اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کیا۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ اور شہر میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے پولیس اور سیکیورٹی اداروں کی ایسی بروقت (باقی صفحہ 3 نمبر16)

سابق وزیراعلیٰ ورکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اسمبلی اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کررہے ہیں

تحریک تحفظ آئین پاکستان کا کے پی کے گورنر راج کے خلاف احتجاجی ریلی ومظاہرہ

پی ٹی آئی کے تمام مطالبات آئینی اور جائز ہے مطالبات کی مکمل حمایت کرتے ہیں، مقررین

ژوب (اے این این) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے زیر اہتمام خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکاء نے مختلف شاہراہوں سے ہوتے ہوئے وفاقی حکومت کے فیصلے کے خلاف نعرے بازی کی ریلی کے شرکاء مظاہرہ کرنے پریس کلب کے قریب پہنچے جہاں پولیس کی بھاری نفری کی تعیناتی کے پیش نظر ریلی مرکزی چوک احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے پشتونخوا میپ کے ضلعی صدر جمال محمد مندوخیل اور پاکستان تحریک انصاف ضلع شیرانی کے صدر عبدالوہاب شیرانی نے کہا کہ وہ اپنے جمہوری اور آئینی حقوق سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گے انہوں نے الزام عائد کیا کہ وفاقی حکومت نے اسٹیبلشمنٹ کی ایما پر خیبر پختونخوا کی جمہوری حکومت کو ختم کرکے ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کیا مقررین نے کہا کہ جمہوری حکومتوں کے معاملات آئین اور عوامی مینڈیٹ کے (باقی صفحہ 3 نمبر25)

روسی وزیر داخلہ کی جی ایچ کیو آمد، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات

آرمی چیف کا روس کے ساتھ دیرینہ تعلقات کو مزید گہرا کرنے اور مشترکہ دلچسپی کے شعبوں، بالخصوص سیکیورٹی کے میدان میں ٹھوس تعاون کو وسعت دینے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ

دونوں جانب سے دوطرفہ سیکیورٹی تعاون کو مضبوط بنانے پر خصوصی زور دیا گیا اور پاکستان اور روس کے سیکیورٹی اداروں کے درمیان قریبی ادارہ جاتی روابط اور بہتر ہم آہنگی کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا

راولپنڈی (اے این ایں) روسی فیڈریشن کے وزیر داخلہ ولادی میر کولوکولتسف نے جنرل ہیڈکوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی کا دورہ کیا اور آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی، ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی سیکیورٹی کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں دونوں جانب سے دوطرفہ سیکیورٹی تعاون کو مضبوط بنانے پر خصوصی زور دیا گیا اور پاکستان اور روس کے سیکیورٹی اداروں کے درمیان قریبی ادارہ جاتی روابط اور بہتر ہم آہنگی کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ آرمی چیف وچیف آف ڈیفنس فورسز نے روس کے ساتھ دیرینہ تعلقات کو مزید گہرا کرنے اور مشترکہ دلچسپی کے شعبوں، بالخصوص سیکیورٹی کے میدان میں ٹھوس تعاون کو وسعت دینے (باقی صفحہ 3 نمبر27)

کوئٹہ، گوادر: وائس چانسلر جامعہ گوادر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر میر عبدالغفور کلمتی ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیئرمین میر ارشد کلمتی کو یادگاری شیلڈ پیش کررہے ہیں

طویل عرصے سے آباد لوگوں کو لوکل سرٹیفکیٹ جاری کیے جائیں، زرک مندوخیل

ایسے افراد کے معاملے کو مناسب انداز میں دیکھا جانا چاہیے اوران کے قانونی حقوق کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات کیے جانے چاہئیں، رکن اسمبلی

طویل عرصے سے بلوچستان میں مقیم افراد کے مسائل کو نظرانداز کرنے کے بجائے متعلقہ قوانین اور ضابطوں کی روشنی میں ان کے حل کی راہ نکالی جائے، اسمبلی اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان میں طویل عرصے سے آباد افراد کو سیٹلر کہنے کے بجائے ان کے قانونی حقوق اور صوبے کے ساتھ دیرینہ تعلق کو مدنظر رکھا جائے اور قانون کے مطابق اہل افراد کو لوکل سرٹیفکیٹ جاری کرنے کے معاملے کو سنجیدگی سے دیکھا جائے جلد اس سلسلے میں قرارداد پیش کیا جائے گا، بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ صوبے میں ایسے متعدد افراد آباد ہیں جو کئی سالوں سے یہاں رہ رہے ہیں اور بلوچستان کو اپنا گھر سمجھتے ہیں۔ ایسے افراد کے معاملے کو مناسب انداز میں دیکھا جانا چاہیے اوران کے قانونی حقوق کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات کیے جانے چاہئیں۔ انہوں نے (باقی صفحہ 3 نمبر26)